Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 — اتوار، 12 اپریل 2026ء، 23 شوال المکرم 1447ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 01

وزیراعظم ایرانی نائب صدر کی ملاقات

خطے میں امن و استحکام کیلئے ملکر کام پر اتفاق

امید ہے امریکہ اور ایران کے درمیان بات چیت خطے میں پائیدار امن کے قیام کی جانب ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگی، شہباز شریف کا سہولت کاری جاری رکھنے کا اعلان

ایران اور امریکا کے وفود کی تعمیری اور مثبت انداز میں مذاکرات میں شرکت کو سراہتے ہیں، یہ مذاکرات خطے میں پائیدار اور دیرپا امن کی جانب ایک اہم پیشرفت ثابت ہوسکتے ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف نے اسلام آباد ٹاکس میں ایرانی مشاورتی اسمبلی کے معزز اسپیکر جناب محمد باقر غالب کی قیادت میں ایرانی وفد سے ملاقات کی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور امریکہ نے خطے میں امن واستحکام کیلئے ملکر کام پر اتفاق کیا ہے جبکہ پاکستان نے ایران اور امریکا کے وفود کی تعمیری اور مثبت انداز میں مذاکرات میں شرکت کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ امید ہے بات چیت خطے میں پائیدار امن کے قیام کی جانب ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگی۔ ہفتہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا سیل سے جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان کے (بقیہ نمبر 1)

ایران کا بہت نقصان ہو رہا ہے، امریکی صدر

امریکہ اب دنیا بھر کے ممالک کے حق میں آبنائے ہرمز کو صاف کرنا شروع کر رہا ہے

ایران کی بحریہ اور فضائیہ ختم ہوچکی ہے اور ان کا فضائی دفاعی نظام بھی مفلوج ہوچکا ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کا بہت نقصان ہو رہا ہے۔ ٹروتھ سوشل پر اپنی طویل پوسٹ میں امریکی صدر نے کہا کہ میڈیا کے ارکان کو یہ کہنا پسند ہے کہ ایران جیت رہا ہے جب حقیقت میں ہر کوئی جانتا ہے کہ وہ ہار (بقیہ نمبر 2)

ایران کا پاکستان کی نیک نیتی پر مبنی سفارتی کوششوں کا اعتراف

ایران کے خلاف جاری جنگ کے خاتمے کیلئے پاکستان نیک نیتی پر مبنی سفارتی کوششوں کی میزبانی کر رہا ہے، ایرانی سفیر

تہران (این این آئی) ایران کی جانب سے پاکستان کی نیک نیتی پر مبنی سفارتی کوششوں کا اعتراف کیا گیا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں ایرانی سفیر رضا امیری مقدم پاکستان کی کوششوں کی ستائش کی (بقیہ نمبر 5)

غیر ملکی صحافیوں کو خوش آمدید کہتے ہیں، وزیر اطلاعات

صحافیوں کو ایک ہی چھت تلے تمام ضروری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، عطاء اللہ تارڑ کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ کوریج کے لئے آنے والے غیر ملکی صحافیوں کو خوش آمدید کہتے ہیں، صحافیوں کو ایک ہی چھت تلے تمام ضروری سہولیات فراہم کی جا رہی (بقیہ نمبر 4)

گیس کی بہتر تقسیم کیلئے اہم اقدامات اٹھانے کا فیصلہ

سوئی گیس کی طلب اور رسد کے موثر انتظام کے لیے جامع حکمت عملی تیار کرنے کی سفارش

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے ملک میں گیس کی بہتر تقسیم کیلئے اہم اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت کی آر ایل این جی لنکشنز پر عارضی پابندی عائد کرنے کی تجویز ہے، وزیراعظم کی (بقیہ نمبر 3)

ترقیاتی منصوبوں پر اجلاس، مثالی گاؤں منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے بھی ہفتہ وار رپورٹس پیش کرنے کا حکم

ترقیاتی منصوبوں پر سخت مانیٹرنگ، ہفتہ وار رپورٹ طلب

محکمہ لوکل گورنمنٹ کو 51 شہروں میں جاری پراجیکٹس پر باقاعدگی سے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت، شہروں میں ڈی سلٹنگ مشین، 46 سیکشن مشین، 45 جیٹنگ مشین اور 100 ڈی واٹرنگ سیٹ بھی مہیا کیے جائیں گے

اجلاس میں پراجیکٹ گیلری میں ہر تحصیل میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تصویری جائزہ، لائیو ڈیش بورڈ پر تمام پراجیکٹس کی فنانشل اور فیزیکل پراگریس رپورٹ پیش

پنجاب میں پہلی مرتبہ ایچ ڈی پی ای پائپ لائننگ پلانٹ کی انسٹالیشن، 20 اپریل سے کام شروع ہوگا، جنوبی پنجاب میں بھی پلانٹ قائم کیا جائیگا، مریم نواز شریف

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کی ہفتہ وار رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے محکمہ لوکل گورنمنٹ کو ہر شہر میں جاری پراجیکٹس پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خصوصی ویڈیو لنک اجلاس میں مثالی گاؤں پراجیکٹس کی بھی پیشرفت جانچنے کے لئے ہر ہفتے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے تحت 51 شہروں میں پراجیکٹس پر کام جاری ہے۔ ان شہروں میں ڈی سلٹنگ مشین، 46 سیکشن مشین، 45 جیٹنگ مشین اور 100 ڈی واٹرنگ سیٹ بھی مہیا کیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ویسٹ کنٹینر اور کوڑے (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف نے تاریخی اسلام آباد مذاکرات کے موقع پر امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا وزیراعظم ہاتھ ملا رہے ہیں

مٹی کا تیل 17 روپے 33 پیسے فی لیٹر سستا

لائٹ ڈیزل 25 روپے 31 پیسے فی لیٹر سستا، لائٹ ڈیزل کی نئی قیمت 369 روپے 52 پیسے فی لیٹر ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) مٹی کا تیل 17 روپے 33 پیسے فی لیٹر سستا ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات قوم سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں کمی کا اعلان کیا تھا جس کے مطابق ڈیزل فی (بقیہ نمبر 6)

امریکی حکام نے کب کب پاکستان کے دورے کیے، تفصیلات منظر عام پر آگئیں

اسلام آباد (این این آئی) امریکی حکام نے کب کب پاکستان کے دورے کیے؟ جس کی تفصیلات منظر عام پر آگئیں۔ تفصیلات کے مطابق امریکی اور ایرانی (بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا سکھ یاتریوں کو جی آیاں نوں

وساکھی میلے میں شرکت کیلئے آنیوالے سکھ یاتریوں کو مبارکباد بھی دی، وساکھی کے میلے میں ہر چہرے پر خوشی اور پیار کے رنگ چمک رہے ہیں یہی پنجاب کا حسن ہے

پنجاب میں اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ عملی اقدامات کی صورت میں روز روشن کی مانند عیاں ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وساکھی میلے میں شرکت کیلئے آنے والے سکھ یاتریوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے جی آیاں نوں کہا اور سکھ بہن بھائیوں کو وساکھی میلے کی مبارکباد بھی پیش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ وساکھی کے میلے میں ہر چہرے پر خوشی اور پیار کے رنگ چمک رہے ہیں یہی پنجاب کا حسن ہے۔ سکھ بہن بھائیوں کی سرزمین پنجاب آمد پر میزبانی (بقیہ نمبر 21)

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، چیف آف ڈیفنس اور چیف آف آرمی اسٹاف اور وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کے ہمراہ اعلیٰ سطحی امریکی وفد کا وفاقی دارالحکومت پہنچنے پر استقبال کر رہے ہیں

وزیر اطلاعات پنجاب کا وساکھی پر سکھ یاتریوں کو خوش آمدید

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر سکھ یاتریوں کی مہمان نوازی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی، عظمیٰ بخاری

وساکھی پنجاب کی ثقافت کا رنگ ہے، سرحد پار سے آئے مہمانوں کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے وساکھی کے موقع پر دنیا بھر اور بالخصوص سرحد پار سے آنے والے سکھ یاتریوں کو پنجاب آمد پر خوش آمدید کہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وساکھی پنجاب کا ایک خوبصورت، روایتی اور قدیم تہوار ہے جس کے رنگ ہماری دھرتی کی پہچان ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے واضح کیا کہ پنجاب حکومت اپنی دیرینہ روایت کو برقرار رکھتے (بقیہ نمبر 8)

وزیراعظم شہباز شریف نے تاریخی اسلام آباد مذاکرات کے موقع پر امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا وزیراعظم ہاؤس میں استقبال کیا

وزیراعلیٰ مریم نواز کا عمران احمد شاہ کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وفاقی وزیر عمران احمد شاہ کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پیر عمران احمد شاہ اور سوگوار خاندان سے اظہار ہمدردی و تعزیت بھی کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور لواحقین (بقیہ نمبر 9)

پاکستان اور ایران کے درمیان زمینی راستے تجارت کا آغاز

اس کوریڈور کے فعال ہونے سے پاکستان کی ناصرف معیشت کی نمو کی رفتار تیز ہوجائے گی بلکہ پاکستانی بندرگاہوں پر رش بھی بڑھ جائے گا

پہلی برآمدی کھیپ ریفریجریٹڈ ٹرکوں کے ذریعے ازبکستان تاشقند کے لیے منجمد گوشت بھیجا گیا ہے، ڈائریکٹوریٹ ٹرانزٹ ٹریڈ کسٹمز ثناء اللہ ابڑو

اسلام آباد (این ای این) پاکستان اور ایران کے درمیان زمینی راستے سے تجارتی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پاک ایران ٹرانزٹ کوریڈور کے تحت تجارتی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا گیا اور اس کوریڈور سے پاکستان سے پہلا برآمدی کنسائنمنٹ بھی بھیج دیا گیا ہے۔ ڈائریکٹوریٹ ٹرانزٹ ٹریڈ کسٹمز ثناء اللہ ابڑو نے بتایا کہ پہلی برآمدی کھیپ ریفریجریٹڈ ٹرکوں کے ذریعے ازبکستان تاشقند کے لیے منجمد گوشت بھیجا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان سے ٹرانزٹ کوریڈور کے ذریعے اشیاء کے کنسائنمنٹس گوادر، ایران کے (بقیہ نمبر 16)

ٹرانسپورٹ کرایوں میں 25 فیصد تک کمی کر دی گئی

زائد کرایہ وصول کرنے والوں کیساتھ کوئی رعایت نہ برتی جائیگی، بلال اکبر خان

لاہور (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑی کمی کا اعلان ہوتے ہی وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان ٹرانسپورٹ کرایوں میں (بقیہ نمبر 22)

حمزہ شہباز شریف، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے انکی ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز نے پاکستان کیلئے آج کا دن فخر کا لمحہ قرار دیدیا

کم ہی لوگوں نے تصور کیا ہوگا کہ ہماری قوم عالمی سطح پر قائدانہ کردار ادا کرے گی، مگر آج ہم یہاں کھڑے ہیں: وزیراعلیٰ مریم نواز کا ایکس میسج

ہماری قیادت نے پاکستان کو نئی خود اعتمادی اور عزت بخشی ہے، جس سے ہر پاکستانی حقیقی معنوں میں فخر محسوس کر رہا ہے، الحمدللہ!

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنے ایکس میسج میں کہا ہے کہ آج پاکستان کے لیے فخر کا لمحہ ہے۔ کم ہی لوگوں نے تصور کیا ہوگا کہ ہماری قوم عالمی سطح پر قائدانہ کردار ادا کرے گی، مگر آج ہم یہاں کھڑے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور ہمارے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ملک کا وقار اور عظمت (بقیہ نمبر 10)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی گورنر ہاؤس میں اسٹیٹ آف دی آرٹ "آئی ٹی مارکی" کا باضابطہ افتتاح کر رہے ہیں۔ تقریب میں چیئرمین پی ایم وائی پی رانا مشہود احمد خان، و دیگر بھی شریک ہیں

بیوہ خواتین اور یتیم بچوں کی کفالت کے لئے بیوہ کارڈ کے اجرا کا فیصلہ

سرگودھا (این این آئی) حکومت پنجاب نے بیوہ خواتین اور یتیم بچوں کی کفالت کے لئے بیوہ کارڈ کے اجرا کا فیصلہ کرلیا جس کا سروے مکمل کر کے اقدامات شروع کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر زکوٰۃ وعشر کمیٹی پنجاب نے مستحق بیوہ خواتین اور ان کے یتیم بچوں کی کفالت کے لئے بیوہ کارڈ کا اجرا کا (بقیہ نمبر 23)

وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

صوبائی دارلحکومت میں انسداد ڈینگی کے حوالے سے تیاریوں، کارروائیوں کا جائزہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر لاہور، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، سی ای او ہیلتھ لاہور، ڈی ڈی اوز ہیلتھ اور الائیڈ ڈیپارٹمنٹس کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس (بقیہ نمبر 24)

لاہور: چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر نیاز احمد کو دورہ لاہور چیمبر کے دوران صدر فہیم الرحمٰن سہگل سوینئر پیش کر رہے ہیں

انڈونیشیا کا پاکستان میں امریکا ایران مذاکرات کا خیر مقدم

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا نے پاکستان میں آج ہونے والے امریکا ایران مذاکرات کا خیر مقدم کیا ہے۔ جاری کیے گئے بیان میں ترجمان انڈونیشین وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ یہ پیش رفت مثبت ابتدائی قدم ہے۔ انڈونیشین وزارتِ خارجہ کے ترجمان (بقیہ نمبر 11)

پنجاب میں گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 40 فیصد کمی

منی مزدا گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن نے بھی 25 فیصد کرایوں میں کمی کر دی

لاہور (این این آئی) ڈیزل کی قیمتوں میں 135 روپے کی کمی کے بعد پبلک اور گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کر دی گئی۔ پبلک ٹرانسپورٹرز کی طرف سے ازخود کرایوں میں کمی کی گئی ہے۔ ٹرانسپورٹرز نے ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے بعد (بقیہ نمبر 17)

شادی کی آڑ میں قانون شکنی مہنگی پڑ گئی

وارث خان پولیس کا ایکشن، تین مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تھانہ وارث خان پولیس نے شادی تقریبات میں قانون کی دھجیاں اڑانے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تین الگ الگ ایف آئی آر درج کر لیں۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزمان کے خلاف پنجاب میرج فنکشن (بقیہ نمبر 18)

باہمی دفاع کے معاہدے کے تحت پاکستانی جنگی طیارے سعودی عرب پہنچ گئے

یہ تعیناتی دونوں برادر ممالک کے درمیان طے پانے والے مشترکہ سٹریٹجک دفاعی معاہدے کے تحت عمل میں آئی ہے، بیان

پاکستان اور سعودی عرب نے ستمبر 2025 میں دفاعی معاملات میں تعاون اور سلامتی سے متعلق معاہدے پر دستخط کیے تھے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارتِ دفاع نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان سے ایک فوجی دستہ مشرقی خطے میں واقع شاہ عبدالعزیز فضائی اڈے پر پہنچا ہے۔ سعودی وزارت دفاع کی طرف سے ہفتے کو ایکس پر جاری تفصیلات کے مطابق یہ تعیناتی دونوں برادر ممالک کے درمیان طے پانے والے مشترکہ سٹریٹجک دفاعی معاہدے کے تحت عمل میں آئی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستانی دستہ (بقیہ نمبر 25)

پاکستان میں منکی پاکس کے پھیلاؤ کا خدشہ، فوری آگاہی کی اپیل

کراچی (این این آئی) پاکستان میں منکی پاکس کے مقامی پھیلاؤ کے خدشے کے پیش نظر آغا خان ہسپتال نے فوری آگاہی کی اپیل کر دی۔ تفصیلات کے مطابق آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کے وبائی امراض کے ماہرین نے پاکستان میں منکی پاکس (بقیہ نمبر 12)

میانوالی، دن دیہاڑے ڈکیتی کی دیدہ دلیرانہ کی واردات

نامعلوم شخص 11 لاکھ کی خطیر رقم لوٹ کر فرار ہوگئے، پولیس مصروف تفتیش

میانوالی (این این آئی) میانوالی شہر کے گنجان آباد روڈ بلوخیل پر انڈر پاس کے نزدیک دن دیہاڑے ڈکیتی کی دیدہ دلیرانہ کی واردات نامعلوم شخص 11 لاکھ 09 ہزار روپے کی خطیر رقم لوٹ کر فرار ہوگئے۔ واقعات کے مطابق نواحی علاقہ روکھڑی کا رہائشی آڑھتی محمد اسلم خان بلوخیل روڈ پر واقع ایک بینک سے دن 10 بجے قریب 11 لاکھ (بقیہ نمبر 13)

وزیراعلیٰ کی کفایت شعاری ہدایات پر عملدرآمد، سینکڑوں دکانیں سیل

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ کی کفایت شعاری ہدایات پر عملدرآمد جاری ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ڈپٹی کمشنر لاہور کی قیادت میں آپریشن میں سینکڑوں دکانیں سیل کر دی گئیں۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 26)

روشن ڈیجیٹل اکائونٹس کی تعداد میں ماہانہ بنیادوں پر نمایاں اضافہ

روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کی تعداد 9 لاکھ 17 ہزار 400 تک پہنچ گئی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس (آر ڈی اے) کی تعداد میں مارچ 2026 کے دوران 7 ہزار 993 اکاؤنٹس کا اضافہ ہوا ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کی رپورٹ کے مطابق فروری 2026 کے اختتام پر آر ڈی ایز کی تعداد 9 لاکھ 9 ہزار 407 تھی جبکہ مارچ 2026 میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس (بقیہ نمبر 27)

وزیراعلیٰ پنجاب کا تعلیم دوست ویژن، نئے سرکاری کالجز کے قیام کا فیصلہ

پسماندہ علاقوں میں تعلیمی سہولیات کا فروغ، 2 ارب روپے مختص، ویمن کالجز کو ترجیح، یہ تجویز محکمہ ہائر ایجوکیشن کی جانب سے پیش کی گئی تھی

ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ منصوبے پر عملدرآمد کا ذمہ دار ہوگا اور کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ تعمیراتی کام سرانجام دے گا

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب کے تعلیم دوست ویژن کو عملی شکل دینے کے لیے صوبہ بھر میں نئے سرکاری کالجز کے قیام کا فیصلہ کر لیا گیا ہے، جس کا مقصد بالخصوص پسماندہ علاقوں میں تعلیمی سہولیات کو فروغ دینا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب نے صوفی آباد فیروز پور روڈ لاہور میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار ویمن کے قیام کی اسکیم کی منظوری دے دی ہے، جسے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں بھی شامل کر لیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق نئے کالجز کے قیام کے لیے مجموعی طور پر 2 ارب روپے مختص کیے جائیں گے اور مرحلہ وار صوبے (بقیہ نمبر 14)

ایڈیشنل سیکرٹری مزارات ناصر مشتاق سردار سربجیت سنگھ کے ہمراہ گردوارہ کیارا صاحب میں درخت لگانے کی تقریب میں حصہ لے رہے ہیں

ملی یکجہتی کو استحکام بخشتے تاریخی لمحات میں ہر پاکستانی فخر سے سرشار ہے، وزیراعلیٰ

آج کا دن دنیا کے سامنے پاکستانی قوم کی طاقت، وقار اور غیر متزلزل عزم کو اجاگر کرتا ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ایکس میسج

اللہ تعالیٰ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار کو غیر معمولی اعزاز سے نوازا ہے

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایکس پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ملی یکجہتی کو استحکام بخشتے تاریخی لمحات میں ہر پاکستانی فخر سے سرشار ہے۔ آج کا دن دنیا کے سامنے پاکستانی قوم کی طاقت، وقار اور غیر متزلزل عزم کو اجاگر کرتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور نائب وزیر اعظم محمد اسحاق ڈار کو غیر معمولی اعزاز سے نوازا ہے۔ فیصلہ کن اور جرات مندانہ قیادت کے ذریعے ایک ممکنہ تباہ کن تصادم کو ٹال دیا گیا۔ پاکستانی قیادت کی بے مثال مصالحتی کاوشوں کی وجہ سے بے شمار معصوم جانیں (بقیہ نمبر 28)

امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی پاکستان کی سول ملٹری قیادت کی میزبانی میں اعلیٰ سطحی سفارتی مذاکرات کے لیے آمد کے دوران ایک ہیلی کاپٹر وفاقی دارالحکومت کے اوپر آسمان پر گشت کر رہا ہے

گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 40 فیصد کمی کا اعلان کر دیا گیا

حکومت ٹول ٹیکس، ودہولڈنگ ٹیکس سمیت ناجائز چالان میں ریلیف دے

اسلام آباد (این این آئی) صدر پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان نے گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 40 فیصد کمی کا اعلان کر دیا۔ اپنے بیان میں ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں (بقیہ نمبر 19)

گلگت بلتستان اسمبلی کے عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان

نوٹیفکیشن کو پاکستان گزٹ میں اشاعت کے لیے بھی بھجوا دیا گیا ہے، چیف الیکشن کمشنر

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان اسمبلی کے عام انتخابات کی تاریخ کا باضابطہ اعلان کر دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 7 جون 2026 کو گلگت بلتستان اسمبلی کے عام انتخابات کی پولنگ کا دن مقرر کیا گیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر راجا شاہ باز خان نے انتخابات کی تاریخ کا باضابطہ اعلان کرتے ہوئے بتایا (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف نے اسلام آباد ٹاکس میں ایرانی مشاورتی اسمبلی کے معزز اسپیکر جناب محمد باقر غالب کی قیادت میں ایرانی وفد سے ملاقات کی

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

مہنگائی اور عوامی بے بسی

وفاقی ادارۂ شماریات کے مطابق نو اپریل کو ختم ہونے والے کاروباری ہفتے کے دوران ملک میں 28 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بڑھنے سے ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں سالانہ بنیادوں پر 12.15 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ جن اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ان میں ایل پی جی' پٹرولیم مصنوعات' آٹا' روٹی' دودھ' اور تقریباً سبھی سبزیاں اور پھل شامل ہیں۔ مہنگائی کی حالیہ لہر کا تعلق مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونیوالے ہوشربا اضافے سے ہے۔ دکاندار ایل پی جی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو جواز بنا کر ناجائز منافع خوری میں مصروف ہیں جبکہ متعلقہ حکام محض زبانی جمع خرچ تک محدود نظر آتے ہیں۔ عالمی بینک کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غربت کی شرح تقریباً 45 فیصد سے زائد ہے جبکہ بیروزگاری کی شرح بھی 7.1 فیصد ہے۔

ایسے حالات میں مہنگائی میں معمولی اضافہ بھی عوام پر شدید مالی بوجھ ڈالتا ہے۔ مہنگائی کے مستقل تدارک کیلئے زبانی دعوؤں کے بجائے حکومت کو ایک جامع معاشی لائحہ عمل تشکیل دینے کی ضرورت ہے جس میں ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری کے خلاف سخت کارروائی اور عوام کی آمدن میں حقیقی اضافہ شامل ہو۔ حکومت کو ادراک ہونا چاہیے کہ جب تک عام آدمی کی قوتِ خرید بحال نہیں ہوتی' مہنگائی کا مقابلہ ممکن نہیں۔ ساتھ ہی انسدادِ گرانی کے اداروں کی کارکردگی کو مؤثر بنانا بھی ناگزیر ہے۔ مہنگائی کا مسئلہ نئی اصلاحات اور سنجیدہ حکومتی ترجیحات کا متقاضی ہے۔

"حقائق کے جھروکوں سے"



تحریر: سیدہ نزہت ایوب کاظمی
شہر: اسلام آباد

اے میرے محترم و باادب قاری،
اسلامی جمہوریہ پاکستان کی عزت کو چار چاند لگے، آج ہر پاکستانی کا سر فخر سے بلند ہو چکا۔ بے شک پاکستان ہمارے لئے باعثِ عزت تو شروع سے تھا، مگر حالیہ فوجی قیادت اور موجودہ دور حکومت کی کاوشوں سے دنیا بھر میں جو وطنِ عزیز کو عزت مل رہی ہے اس کی مثال نہیں۔ ان شاء اللہ ان سبھی کرداروں کے نام (مسلم لیگ ن اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر) تاریخ کے اوراق پر سنہری حروف میں لکھے جائیں گے جن کی بدولت پاکستان کو عزت ملی۔

میں عام پاکستانی عوام ان لیڈروں ان اداروں کی کیوں نہ تعظیم کروں ماشاءاللہ جن کی بدولت میرا ملک پاکستان دنیا بھر کی چاہتوں کا مرکز بن چکا۔

دعا ہے، پاکستان کا پرچم تا قیامت اسی طرح عزت و توقیر سے سربلند رہے۔

اور دعا ہے، ہم عوام بھی اپنے برادر ملک ایران کی عوام سے ایک مضبوط باحیا و باکردار قوم بننے کا گر سیکھیں۔

آمین ثم آمین

محترم قاری، حق آ گیا اور باطل مٹ گیا کہ باطل مٹنے ہی کے واسطے تھا۔

مولا علی علیہ سلام فرماتے ہیں "ہر اس کام سے پرہیز کرو جو آخرت کو برباد کرتا اور دنیا کو سنوارتا ہے۔"

میں نے ایک دیندار عبد کو کہتے سنا "جو چیز باعثِ عزت ہوا سے پردے میں رکھا جاتا ہے) "اب سمجھ آیا اسلام میں کیوں عورت پر پردہ لازم قرار دیا گیا۔)

ہمارے ساتھ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ہم کسی مقام پر پہلی مرتبہ جا رہے ہوں تو جاتے ہوئے سفر کافی طویل و کٹھن لگ رہا ہوتا ہے مگر واپسی پر وہی سفر مختصر اور پہلے کی نسبت سہل محسوس ہو رہا ہوتا ہے۔ اس لمحے ذہن ضرور سوال کرتا ہے کہ جب واپسی کا سفر سہل اور مختصر ہے پھر بھٹکے ہوئے انسان کیوں واپس نہیں پلٹتے۔

بہت کم دیکھنے کو ملتا ہے کہ بھٹکا ہوا انسان سدھرے۔

انسان جب بھٹکتا ہے تو پھر بھٹکتا ہی چلا جاتا ہے۔ انسان کی اس ادا کی بنا پر معاشرتی نظام درہم برہم ہو رہا ہے، گھروں کے گھر اجڑ گئے، انسان کی ہوس مٹنے کا نام ہی نہیں لیتی۔

وعدے توڑتا ہے، ساتھ چھوڑتا ہے، فرائض سے منہ موڑتا ہے۔

ذرا سی بیماری پڑھے جانے والا، بڑھاپے کی زد میں آنے والا، تاریکیوں سے گھبرانے والے انا پرست کو قبر یاد ہی نہیں رہتی۔ حالانکہ توبہ کا در تو رب ہمیشہ کھلا رکھتا ہے۔

اے میرے محترم باادب قاری، یہ ایک ایسے انسان کی تعریف ہے جس کا نفس کے ساتھ ساتھ، جھوٹ خدا ہوتا ہے۔

ایسا انسان سر سے پاؤں تک جھوٹا ہوتا ہے، جھوٹ ہی اس کا اوڑھنا بچھونا، کھانا پینا ہوتا ہے۔

جھوٹ تمام برائیوں کی جڑ ایسے ہی تو نہیں، حدیثِ پاک میں ہے کہ "انسان کے جھوٹ کی بدبو سے فرشتے اس سے کوسوں دور چلے جاتے ہیں۔"

دعا ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ ہمیں، جھوٹ جیسی لعنت سے بچائے آمین۔

محترم قاری، ایک بھارتی (ہندو) خاتون کا اچھی باتوں پر مبنی وی لاگ دیکھنے کا موقع ملا، اس خاتون کی کہی تین باتیں آپ کے سامنے بھی پیش کرنا چاہوں گی۔

کہتی ہیں "مسلمان ہونے کے لئے تمہاری حق پسندی ضروری ہے"

پھر کہتی ہیں "سیاستدان اگر بات کرتا ہے دھرم کی اسے چٹکلا سمجھ کر بھول جانا اس سے زیادہ تم اس کا کچھ کر بھی نہیں سکتے، تو ہنسو اور بھول جاؤ، سمجھو تم نے ابھی ابھی ایک چٹکلا سنا۔) "صد افسوس پاکستانی عوام دیوانہ وار ریاست مدینہ کا نعرہ لگانے والوں کے پیچھے بھاگی اور تو اور ولایت کا درجہ ہی دے ڈالا حد تو یہ ہوگئی علی ولی اللہ کہنے والے بھی پیچھے نہ رہے، بھئی کھلاڑی تو کھلاڑی ہے وہ تو کھیل رہا ہے شخصی کارڈ، سیاسی کارڈ، مذہبی کارڈ یا کچھ بھی، کم از کم دیکھنے سننے والوں کی مت کدھر جاتی ہے)

بھارتی خاتون تیسری بات کہتی ہیں کہ برنارڈ شا نے کہا تھا 'اسلام دنیا کا خوبصورت مذہب ہے اور مسلمان بدترین' 'ہاں بالکل برنارڈ شا نے سچ کہا مگر آدھا، اسلام واقعی خوبصورت ترین مذہب ہے، مگر مسلمان بدترین ہرگز نہیں کیونکہ جو مسلمان ہوتا ہے وہ بدترین ہو نہیں سکتا اور جو بدترین ہو وہ مسلمان نہیں ہوتا۔

اور اب اسلامی جمہوریہ پاکستان و ایران کے نام میری اپنی کہی ایک خوبصورت نظم جس کا عنوان ہے بہادری کے نام

"بہادری کے نام"

تمہارے اور ہمارے دشمنوں کی ادائیں
کتنی نرالی ہیں
ایک سی
کچھ، کچھ دیکھی بھالی ہیں
جو، جو فلموں میں دکھاتے ہیں
لے کر کہانی
وہی میدان میں آتے ہیں اسی لئے
منہ کی کھاتے ہیں
اسے نہیں خبر؟
اسلام کسی افسانے کا کردار نہیں
اسلام حق ہے، سچ ہے، نیکی ہے، یعنی
اسلام کا ایک، ایک کردار حق ہے، فنکار نہیں
اور باطل، شیطانی ہے اس کا روپ اوتار نہیں،
نہیں بہادری سے
اس کا واسطہ
جس پہ چلے
سراسر وہ ہے
شر کا راستہ
نہ تو یہ انسان ہے
نہ ہی اس میں انسانیت، یہ کیا جانے
ہوتی ہے کیا حقانیت،
نہ یہ صلح جو، اور
نہ ہی جنگجو ہے۔
یہ جھوٹ کی دکان، شیشے کا مکان ہے
ایک نمبر کا فسادی
مکار ہے
اور کیا کہوں
ذرا بچ کے رہیو!
یہ عیار ہے۔
ہر کوئی ایک سا ہو ضروری بھی نہیں
اللہ کچھ دلوں کو چن بھی لیتا ہے
انسانیت کے دھاگے سے ان کے کردار بن بھی لیتا ہے
وہ گونگے بہرے نہیں ہوتے
حق بات کو سمجھتے بھی ہیں
اور ساتھ کھڑے رہتے ہیں
باطل کے خلاف اڑے رہتے ہیں
وہ وعدوں کا پاس رکھتے ہیں
کر کے دوستی نبھاتے ہیں
حق کے ساتھ مل کر باطل کو جھکاتے ہیں، (پاک چین دوستی زندہ باد)

محترم قاری، یاد رکھیئے گا کہ ہم تاریخِ اسلام اور تاریخِ پاکستان کا مطالعہ کر رہے ہیں۔

ہماری گفتگو ان شاء اللہ تاریخِ اسلام کی وسعتیں طے کرتے تاریخِ پاکستان پر آن پہنچے گی۔

میں نے اختتام کا لفظ استعمال نہیں کیا کیونکہ کچھ حقائق کے اختتام نہیں ہوا کرتے۔ (جیسا کہ تاریخِ اسلام)

محترم قاری! میرا نہیں بلکہ تاریخِ اسلام کے حقائق جاننے والوں کا دعویٰ ہے کہ اسلام کی مکمل تاریخ قرآن کے پاروں میں پوشیدہ ہے اور یہ راز صرف اور صرف محمد و آلِ محمد ص ہی کے در کی غلامی میں ہم پر آشکار ہو سکتے ہیں۔

ہمارے پیارے آقا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اپنی امت کو لاوارث نہیں چھوڑ کر گئے۔

اپنے آخری حج کی ادائیگی کی واپسی پر خمِ غدیر کے مقام پر رسولِ مقبول احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے امت سے خطاب فرمایا اور یہ خطاب صرف اسی دور کے مسلمانوں سے نہیں تھا بلکہ قیامت تک کے مسلمانوں سے تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ "یاد رکھو میں نے اللہ کا دین ہو بہو تم تک ویسے ہی پہنچا دیا جیسا کہ میرے اللہ کا حکم تھا " پھر آپ نے سب سے اسی بات پر تین بار اقرار لیا۔

سب نے یک زبان عرض کی "اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بے شک آپ ص نے ہمیں اللہ کے احکام نہایت ایمانداری سے پہنچا دیئے،

نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنے خطبے میں فرمایا کہ "میں تم میں قرآن اور اپنی عترت چھوڑے جا رہا ہوں، دونوں کو تھامے رکھو گے تو بھٹکو گے نہیں۔"، پھر فرمایا "میری اور میرے اہلِ بیعتِ اطہار علیہ السلام کی مثال کشتیِ نوح علیہ سلام کی طرح ہے جو اس میں سوار ہو گیا وہ گویا عذاب سے بچا لیا گیا۔"

(جاری ہے)

یقین کی طاقت

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

وہ پچھلے کئی گھنٹے سے میرے صبر اور خوش اخلاقی کا امتحان لے رہا تھا۔ میں پوری کوشش کر رہا تھا کہ میرے لہجے میں تلخی یا ناراضگی کا عنصر شامل نہ ہو لیکن وہ تو شاید اپنا سارا ڈپریشن میرے پر ہی نکالنے کا ارادہ کر کے آیا تھا میں دبے لفظوں میں اسے سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا کہ اسکی ناکامیوں میں مجھ غریب کا کوئی قصور نہیں ہے لیکن وہ مجھے قصوروار بنانے پر تلا ہوا تھا میں پوری کوشش کر رہا تھا کہ کسی طرح اس کو مطمئن کر سکوں لیکن اس کے لہجے کی تلخی اور زہر میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا اب اس کی گفتگو کا رخ میری طرف سے ہٹ کر خدا کی طرف ہو گیا تھا پہلے تو میں قصوروار تھا اب وہ خدا کے پیچھے پڑ گیا تھا کہ خدا ہے بھی یا نہیں میں تو خدا کو تب مانوں گا جب وہ میری دعائیں قبول کریگا جب میرے پاس دنیا کی ہر نعمت موجود ہو گی کیونکہ جن لوگوں کے پاس روپے پیسے کی ریل پیل ہے میں ان سے زیادہ عبادت گزار ہوں جب میں زیادہ عبادت کرتا ہوں تو اللہ تعالیٰ میری کیوں نہیں سنتا میرا حق زیادہ ہے جب تک وہ میری ذات پر تنقید کرتا رہا میں صبر اور خاموشی بلکہ خوش مزاجی سے سنتا رہا اب جب وہ رب کعبہ کی ذات پر تنقید کرنے لگا تو میرے صبر کا پیا نہ چھلکنے لگا وہ پچھلے گھنٹے سے مجھے بتا رہا تھا کہ میں نے بہت سارے ذکر اذکار کیئے ہیں نمازیں نوافل ادا کیئے میرے اور پروہ بار بار یہ تنقید کر رہا تھا کہ آپ لوگوں کو تسبیحات بتاتے ہیں ان کا کوئی فائدہ نہیں میں نے بہت تسبیحات کیں ہیں مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوا اب بھی امیروں کا ہے میں کتنے عرصے سے عبادات کر رہا ہوں میری دعائیں قبول کیوں نہیں ہوتیں جب وہ وہ بہت بول چکا تو میں نے اس کی آنکھوں میں جھانکا اور شفیق لہجے میں کہا تمہاری دعائیں پتہ قبول کیوں نہیں ہوتیں تمہیں خدا پر یقین ہی نہیں ہے اگر تمہیں خدا پر یقین ہوتا تو تم کبھی ایسی فضول باتیں نہ کرتے تم میں یقین کی کمی ہے تم نے خالق کائنات کو مانا ہی نہیں جس دن تم نے خدا پر یقین کرنا سیکھ لیا اسی دن سے تمہاری دعائیں قبول ہونا شروع ہو جائیں گی وہ چپ چاپ میری باتیں سنتا رہا اور پھر اٹھ کر چلا گیا میرے پاس ایسے کئی مایوس افراد آ چکے ہیں جو آتے ہی کہتے ہیں کہ ہم نے آج کے بعد کوئی نماز نہیں پڑھنی کوئی تسبیح نہیں کرنی جب خدا نے ہماری کوئی دعا قبول ہی نہیں کرنی تو ہم کیوں دعائیں کریں ایسے عقل کے اندھوں کو کون سمجھائے دنیا کی ہر پیش رفت کے پیچھے جو قوت نظر آتی ہے وہ یقین ہی ہے۔ بحرِ ظلمات میں کشتیاں جلانا اور گھوڑے دوڑانا یقین کا ہی کرشمہ تھا اس یقین کے بل بوتے پر نئی دنیائیں دریافت ہوئیں انکشافات کے نئے چاند روشن ہوئے اربوں کہکشاں کا سراغ ملا مریخ اور چاند پر انسان کا قدم پڑا ایجادات کا سیلاب امڈ آیا جنگل منگل کا سماں بنا انفرادی یا اجتماعی طور پر یقین ہی وہ جذبہ ہے جس نے خوابوں میں حقیقت کا رنگ بھرا یہ یقین کی کمی تھی جو عرب سردار ابوالحکم تھا لیکن ابوجہل کہلا کر عبرت کا نشان بن گیا اور افریقہ کا حبشی غلام بلال شہرت کے آسمان پر اس شان سے چمکا کہ فاروق اعظم ان کو ہمیشہ ہمارے سردار کہہ کر بلاتے تھے ابوالفضل اور فیضی جیسے دانش ور شاہی ایوانوں کی راہداریوں میں گم ہو گئے جب کہ شیخ سرہندی کی لحد روشنی کا مینار بن کر محشر تک اندھی روحوں کو منور کرنے کا باعث بن گئی یقین و ایمان کا نور دیکھنا ہو تو حضرت سراقہ بن جعشم میں ملاحظہ ہو آخری وقت آن پہنچا مرض الموت کے آہنی پنجے نے گرفت میں لینا شروع کر دیا اطبا لاعلاج قرار دے چکے ورثا تدفین کی تیاریوں میں مصروف ہیں یقین کے نور سے مالا مال سراقہ کہتے ہیں واللہ ابھی موت مجھے چھو بھی نہیں سکتی کیونکہ میں نے ابھی کسریٰ ایران کے کنگن نہیں پہنے جس کی بشارت سرتاج الانبیا محبوب خدا ﷺ نے خود مجھے دی تھی چشم فلک اور بوڑھے آسمان نے یہ منظر خود دیکھا تھا ہجرت مدینہ کے وقت کفار نے سراقہ کو کنگن پہنانے کا لالچ دے کر نبی کریم ﷺ کے پیچھے بھیجا تھا مگر شہنشاہ دوجہاں ﷺ نے سراقہ کو دیکھ کر فرمایا تھا کہ اگر تم اسلام قبول کر لو تو ایک وقت آئے گا جب ایران فتح ہو گا تو شاہ فارس کے کنگن تمہیں پہنا ئے جائیں گے اور پھر سراقہ صحت یاب ہوئے اور پھر ایران فتح ہوا تو خلیفہ وقت جناب فاروق اعظم نے خود اپنے ہاتھوں سے سراقہ کو کنگن پہنائے سراقہ کے دل و دماغ میں بھی پیارے آقا ﷺ کے لب مبارک سے نکلے ہوئے الفاظ کا مکمل یقین تھا یقین کا ایک اور نمونہ ملاحظہ فرمائیں جنگ میں ثابت بن اصیرم مسلمانوں سے برسرپیکار ہے اچانک کسی خیال کے تحت سرور کونین ﷺ کے حضور پیش ہوتا ہے اور عرض کرتا ہے اگر میں اسلام قبول کر لوں تو مجھے کیا ملے گا تو آقا کریم ﷺ نے فرمایا جنت یہ سن کر یقین کی چنگاری بھانبھڑ بن گئی کھجور کا دانہ جو اس وقت ہاتھ میں تھا اس کو زمین پر پھینک دیا اور سرور کائنات سے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ آخری سلام قبول ہو اب یہ کھجور جنت جا کر کھاں گا چیتے کی طرح پلٹا اور کفار پر حملہ کر دیا اور پھر جوانمردی سے لڑتا ہوا شہید ہو گیا جنگ کے بعد نبی کریم ﷺ نے لاشوں کا معائنہ کرتے ہوئے فرمایا آ دوستو میں تمہیں ایسا جنتی دکھاں جس نے نہ نماز پڑھی نہ روزہ رکھا نہ حج کیا مگر سیدھا جنت گیا بقول شاعر

پروانے کا حال اس محفل میں ہے قابل رشک اے اہل نظر
شب بھر میں یہ پیدا بھی ہوا عاشق بھی ہوا اور مر بھی گیا

یہ ثابت بن اصیرم کا شاہ عربی ﷺ پر یقین ہی تھا جو شہادت کے مرتبے پر فائز ہو کر جنت الفردوس کا مکین بنا اور پھر کون بھول سکتا ہے تاریخ انسانی کے عظیم کردار دانش ور اہل علم سقراط کو دو ہزار سال قبل یونان کا شہرا ایتھنز اس شہر کے لوگ اپنا حاکم خود منتخب کرتے تھے علم فلسفہ آرٹ ان کی رگوں میں دوڑتا تھا اس شہر کی اسمبلی تھی جہاں لوگوں کے مسائل زیر بحث کرتے 404 قبل مسیح سپارٹا کے جرنیل لینڈر نے چند شرپسند عناصر کے ساتھ مل کر عوامی جمہوریت کی جگہ آمریت کی بادشاہت قائم کر دی عدالت جرنیل کی زر خرید بن گئی امر کے اشارے پر فیصلے ہونے لگے مخالفوں کو پھانسی کی سزائیں دی جانے لگیں اسی عدالت میں تاریخ کا بہت بڑا کردار لایا گیا سقراط جس پر علم و آگہی اور نوجوانوں کو گمراہ کرنے کا الزام تھا مقدمہ قائم ہوا اور سقراط کو بھی پھانسی کی سزا سنائی گئی سقراط نے اپنے سچ کے یقین پر زہر کے پیالے کو اپنے ہونٹوں سے لگا لیا اور کہا میں موت سے مغلوب ہو رہا ہوں اور تم بدی سے اور پھر اسی یقین کی دولت کی وجہ سے سقراط قیامت تک کے لیے تاریخ کے اوراق میں امر ہو گیا یقین کا ایک اور جلوہ آپ کی نذر یہ کہ حضرت فاروق اعظم کے دور میں مصر فتح ہو چکا تھا مصریوں کا یہ عقیدہ تھا کہ ہر سال جب دریائے نیل خشک ہو جاتا تو وہ نوجوان لڑکی کو دلہن بنا کر اس کی گردن پر چھری پھیر کر خشک دریا کو انسانی خون کی بھینٹ دیتے جس سے دریائے نیل رواں ہو جاتا اور پھر تاریخ انسانی کے سب سے عظیم حکمران حضرت عمر فاروق کے دور میں بھی نیل خشک ہو گیا اہل مصر نے انسانی خون کی بھینٹ چڑھانے کی درخواست دربار خلافت میں دی تو فاروق اعظم یقین سے بھرپور لہجے میں بولے یہ عقیدہ توحید اور ایمان کے منافی ہے انسانی جان نہیں دی جائے اور دریائے نیل کو میرا یہ پیغام دو دریائے نیل بہنا شروع ہو جائے گا یقین کی عبارت ملاحظہ فرمائیں اے نیل اگر تو بھینٹ لے کر بہتا ہے تو قیامت تک خشک رہ اگر تو خدا کے حکم سے چلتا ہے تو خدا کا یہ بندہ عمر تجھے حکم دیتا ہے کہ تو بہنا شروع کر دے کیونکہ مخلوق خدا قحط میں مبتلا ہے اور پھر فاروق اعظم کا رقعہ نیل کی پاتال تک جیسے ہی پہنچا نیل کے کناروں سے پانی اچھلنے لگا۔

SHOWBIZ شوبز

70 ہزار سے زیادہ لوگوں نے شادی کی پیشکش کی تھی، وینا ملک

پوڈ کاسٹ میں کیریئر، شادیوں، تعلقات اور شوبز کے بارے میں کھل کر بات چیت



کھڈیاں خاص (این این آئی) ایک وقت ایسا بھی تھا جب انہیں پاکستان، بھارت اور دنیا بھر سے 70 ہزار سے زیادہ لوگوں نے شادی کی پیشکش کی تھی۔ ان خیالات کا اظہار معروف ماڈل اور اداکارہ وینا ملک نے ایک ملاقات کے دوران کیا ان کا کہنا تھا کہ جب وہ نولی ووڈ اور لالی ووڈ میں کام کر رہی تھیں تو اس وقت انہیں پاکستان، بھارت اور دنیا بھر سے 70 ہزار سے زیادہ لوگوں نے شادی کی پیشکش کی تھی مگر میں نے انکار کر دیا، وینا ملک نے یہ سب انکشافات ایک پوڈ کاسٹ میں بات کرتے ہوئے اپنے کیریئر، شادیوں، تعلقات اور شوبز کے بارے میں کھل کر کیئے۔ وینا ملک کے مطابق جب وہ اپنے کیریئر کے عروج پر بھارت گئیں اور وہاں ایک ویڈنگ ریئلٹی شو میں کام کیا، تو اسی دوران انہیں دنیا بھر سے شادی کے بہت زیادہ پروپوزل ملے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے پاس آنے والی یہ تمام پیشکش ان کی ٹیم دیکھتی تھی۔ اداکارہ نے مزید بتایا کہ چونکہ وہ اس وقت وہ شو میں مصروف تھیں، اس لیے انہیں خود نہیں معلوم کہ یہ 70 ہزار سے زیادہ پروپوزلز واقعی سنجیدہ تھے یا صرف ویسے ہی بھیجے گئے تھے۔ وینا ملک نے مڈ کہا کہ ان کی ٹیم نے انہیں بتایا تھا کہ دنیا بھر کے ہزاروں مردوں نے انہیں شادی کی پیشکش کی۔

رابی پیرزادہ نے شادی کے بعد ماضی کے تمام دوستوں سے کنارہ کشی کر لی

شوبز سے کنارہ کشی کے بعد چند دوستوں سے رابطے تھے، شادی کے بعد وہ بھی ختم کر لئے

لاہور (این این آئی) شوبز سے دوری اختیار کرنے والی اداکارہ و گلوکارہ رابی پیرزادہ نے ماضی کے تمام دوستوں سے بھی کنارہ کشی کر لی۔ اس حوالے سے ان کے ایک قریبی ذرائع کا کہنا ہے کہ رابی پیرزادہ نے شوبز سے کنارہ کشی کے بعد بہت سے دوستوں سے رابطے ختم کر دیئے تھے اور اپنی ساری توجہ فلاحی کاموں پر مرکوز کر رکھی تھی تاہم اس دوران وہ چند دوستوں سے رابطے میں تھیں تاہم اب شادی کے بعد انہوں نے ان دوستوں سے بھی رابطے مکمل ختم کر دیئے ہیں۔ دوسری جانب ماضی میں رابی پیرزادہ کے قریب رہنے والے دوستوں کا کہنا ہے کہ جب آپ کو سہارے کی ضرورت ہو تو آپ رابطے میں رہیں اور جب وقت نکل جائے تو آپ دوستوں کو نظر انداز کر دیں یہ کسی طرح بھی قابل تعریف نہیں۔ یہ اچھی بات ہے کہ رابی پیرزادہ نے دوبارہ اپنا گھر بسا لیا ہے لیکن دوستوں کی ان کے لئے ڈھیروں دعائیں اور نیک خواہشات ہیں۔

چیلنج کرتی ہوں ماورا کی طرح کوئی رو نہیں سکتا، عروہ حسین

اداکارہ طویل عرصے بعد گڈ مارننگ پاکستان پر ایک ساتھ نظر آئیں

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ عروہ حسین کا کہنا ہے کہ میں چیلنج کرتی ہوں کہ ماورا حسین کی طرح کوئی نہیں رو سکتا ہے۔ ماورا حسین اور عروہ حسین شوبز انڈسٹری کی بہنوں کی جوڑی ہے جنہوں نے وی جینگ کے ذریعے اداکاری شروع کرنے کے بعد اداکاری میں اپنا نام پیدا کیا ہے۔ وہ اب ان سب سے باصلاحیت اداکاراں میں شامل ہیں جنہیں اپنی موجودگی اور اسکرپٹ کے بہترین انتخاب کے لیے پسند کیا جاتا ہے۔ اداکارہ طویل عرصے بعد گڈ مارننگ پاکستان پر ایک ساتھ نظر آئیں اور اپنے سفر کے بارے میں بتایا۔ ندا یاسر نے آغاز کرتے ہوئے کہا کہ ڈرامہ انڈسٹری میں کوئی بھی اتنا خوبصورت نہیں لگتا جتنا ماورا روتے ہوئے نظر آتی ہے۔

منیشا کوئرالہ کی بڑی اسکرین پر واپسی، فلم سائن کر لی

فلم رازدار کی شوٹنگ رواں سال کے شروع میں شروع ہوئی تھی

ممبئی (این این آئی) نامور بھارتی اداکارہ منیشا کوئرالہ کی ایک بار پھر بڑی اسکرین پر واپسی متوقع ہے کیونکہ انہوں نے بالی وڈ کے نامور اداکار و فلمساز کے ساتھ فلم سائن کر لی ہے۔ انڈین میڈیا کے مطابق تقریبا 2 سال قبل منیشا کوئرالہ نے ہیرا منڈی ویب سیریز کے ذریعے او ٹی ٹی کی دنیا میں قدم رکھا تھا۔ سنجے لیلا بھنسالی کی ہدایت کاری میں بننے والی اس نیٹ فلکس سیریز میں انہوں نے ملکہ جان کا کردار نبھایا تھا جسے بے حد سراہا گیا۔ ویب سیریز ہیرا منڈی کو یکم مئی کو 2 سال مکمل ہو جائیں گے، تاہم اس سالگرہ سے چند ماہ قبل ہی باصلاحیت اداکارہ منیشا کوئرالہ نے اپنی اگلی فلم رازدار پر کام شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق ہیرا منڈی میں منیشا کوئرالہ کی اداکاری کو بہت پسند کیا گیا اور ان کے پاس پیشکشوں کے ڈھیر لگ گئے، مگر اداکارہ واضح تھیں کہ وہ صرف مضبوط اور جاندار کردار ہی قبول کریں گی اور ہم خیال لوگوں کے ساتھ کام کریں گی۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ منیشا کوئرالہ کی ایک نوجوان اداکار کے ساتھ فلم کیلئے بات چیت آخری مراحل میں تھی لیکن وہ بات بن نہ سکی اور بعد میں وہ فلم ہی روک دی گئی، اسی دوران انہیں رازدار کی پیشکش ہوئی جو ان کے تمام معیار پر پوری اتری اور یوں انہوں نے یہ فلم سائن کر لی۔ باکس آفس ورلڈ وائیڈ کے مطابق فلم رازدار کی شوٹنگ رواں سال کے شروع میں شروع ہوئی تھی، فلم کی ٹیم نے بھوپال، مدھیہ پردیش میں 25 دن کا شوٹنگ شیڈول مکمل کیا اور پھر ممبئی میں 10 دن تک عکس بندی کی۔

شادی میں جلدی بازی نہیں، وقت لینا چاہیے، تزئین حسین

شوہر کی وفات کے بعد خود کو سنبھالنے اور زندگی کو نئے انداز سے سمجھنے میں وقت لیا



لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ تزئین حسین نے دوسری شادی کے متعلق خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس اہم فیصلے میں جلد بازی نہیں کرنی چاہیے بلکہ مناسب وقت لینا ضروری ہوتا ہے۔ تزئین حسین، جو لیجنڈری اداکار طلعت حسین کی صاحبزادی ہیں، نے اپنی زندگی کے ایک مشکل دور کے بارے میں بات کرتے ہوئے بتایا کہ وہ پانچ سال تک بطور سنگل مدر زندگی گزارتی رہیں، ان کے شوہر کا انتقال بیماری کے باعث ہوا تھا، جس کے بعد انہوں نے خود کو سنبھالنے اور زندگی کو نئے انداز سے سمجھنے میں وقت لیا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ کا کہنا تھا کہ انہوں نے دوسری شادی کے لیے پانچ سال کا عرصہ لیا، تنہائی انسان کو بہت کچھ سکھاتی ہے اور اس دوران انسان اپنی شخصیت کے ان پہلوؤں کو دریافت کرتا ہے جن سے وہ پہلے ناواقف ہوتا ہے۔

اداکار بہروز سبزواری کو شوبز انڈسٹری میں پچاس سال مکمل ہو گئے

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار بہروز سبزواری کو شوبز انڈسٹری میں پچاس سال مکمل ہو گئے۔ اس مناسبت سے ان کے اعزاز میں ایک تقریب منعقد ہو گی جس میں ان کی فنی صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب میں شریک اداکاروں نے کہا کہ بہروز سبزواری نے پہلے ڈرامے سے لے کر آج تک اداکاری میں اپنا جو معیار قائم کیا تھا وہ پانچ دہائیاں گزرنے کے باوجود برقرار ہے جو بڑا کارنامہ ہے۔ ان کا ''کباچہ'' اور ''نوشا'' کا کردار ان کے پرستاروں کے ذہنوں پر آج بھی نقش ہے۔ شرکاء نے بہروز سبزواری کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی درازی عمر کے لئے دعائیں بھی کیں۔

SPORTS سپورٹس

جیسا فین چاہ رہے ویسا کر نہیں پا رہا، محنت کر رہا ہوں، بابر اعظم

ویرات کوہلی سے میرا موازنہ کرنا ختم کر دیں، میں نے بھی میچز فنش کیے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائز پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم نے اعتراف کیا ہے کہ جیسا فین چاہ رہے ویسا کر نہیں پا رہا تاہم محنت کر رہا ہوں، ویرات کوہلی سے میرا موازنہ کرنا ختم کر دیں، میں نے بھی میچز فنش کیے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں بابر اعظم نے کہا کہ گزشتہ میچ میں جس موقع پر میں آؤٹ ہوا، وہاں ہونا نہیں چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ جیسا فین چاہ رہے ویسا کر نہیں پا رہا لیکن محنت کر رہا ہوں، کوشش میری یہی ہوتی ہے کہ پاور پلے میں اچھا کھیلیں۔ پشاور زلمی کے کپتان نے کہا کہ ایسا نہیں کہ میں نے میچز فنش نہیں کیے، بہت میچ فنش بھی کیے۔ انہوں نے کہا کہ افتخار احمد پچ کو اچھا پرکھتے ہیں، میں ان سے مشورہ لیتا ہوں، اچھا کرنے کے لیے کوشش کر رہا ہوں رزلٹ آنے میں ٹائم لگ جاتا ہے۔ کراچی میں بابر اعظم سے صحافی نے سوال کیا کہ شکایت یہی ہوتی ہے کہ بابر فنش نہیں کر پاتے اور آپ کا موازنہ ویرات کوہلی سے بھی کیا جاتا ہے لیکن وہ فنش کر کے جاتے ہیں۔ جواب میں بابر اعظم نے کہا کہ آپ جس وجہ سے یہ سوال کر رہے ہیں میرا موازنہ کرنا ختم کر دیں، میں نے بھی میچز فنش کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھیل پر فوکس رکھتا ہوں، ہر دن کچھ نہ کچھ سیکھنے کو ملتا ہے میں بھی انسان ہوں۔ بابر اعظم نے کہا کہ نتائج بروقت نہیں آسکتے بعض مرتبہ وقت لگ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسری اننگز میں پچ سلو دکھائی دے رہی تھی، ابتدائی 6 اوورز میں اچھا کھیل رہے تھے، صورتحال ٹیم کے حق میں تھی تاہم اچانک وکٹیں گریں۔ کپتان پشاور زلمی نے کہا کہ حکومت نے سوچ سمجھ کر فینز کو اسٹیڈیم آنے سے روکا ہے۔ واقعی خالی گراؤنڈ میں کھیلنے کا مزہ نہیں آ رہا، امید ہے فینز جلد اسٹیڈیم آئیں گے۔

لاہور: سابق ٹیسٹ کرکٹرز ... (فوٹو: این این آئی)

شاہین آفریدی نے جنگ بندی کو انسانیت کی جیت قرار دیدیا

عالمی امن کیلئے پاکستان کا مثبت کردار قابلِ فخر ہے، لاہور قلندر کے کپتان کا بیان

کراچی (این این آئی) پاکستانی فاسٹ بولر اور لاہور قلندرز کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے کہا ہے کہ جنگ بندی انسانیت کی جیت ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر جاری بیان میں شاہین آفریدی نے کہا کہ عالمی امن کے لیے پاکستان کا مثبت کردار قابلِ فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِاعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے امن کے لیے اہم کردار ادا کیا، پاکستان نے امید کی راہ دکھائی ہے۔ فاسٹ بولر نے کہا کہ مذاکرات اور استحکام کے فروغ پر قومی قیادت کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگ بندی انسانیت کی جیت ہے۔ شاہین آفریدی نے کہا کہ پاکستان امن، اتحاد اور روشن مستقبل کی جانب گامزن ہے۔

شاید میرے نصیب میں پاکستان سے کھیلنا نہیں تھا، حسان خان

میرا جو بھی تھوڑا بہت نام بنا تھا وہ پی ایس ایل اور انڈر 19 کے کپتان ہونے کی وجہ سے ہی بنا تھا

کراچی (این این آئی) پی ایس ایل میں حیدرآباد کنگزمین کے بیٹر حسان خان نے کہا ہے کہ شاید میرے نصیب میں پاکستان سے کھیلنا نہیں تھا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیٹر حسان خان نے کہا کہ شکایت کسی سے نہیں ہے شاید نصیب میں پاکستان سے کھیلنا نہیں تھا، دنیا بھر میں لیگ کھیل رہا ہوں عزت مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ اپنے فیصلوں اور کرکٹ سے مطمئن ہوں۔ حسان خان نے کہا کہ میرا جو بھی تھوڑا بہت نام بنا تھا وہ پی ایس ایل اور انڈر 19 کے کپتان ہونے کی وجہ سے ہی بنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا جا کر کھیلنے کا فیصلہ اچانک کیا تھا سب کچھ 10 سے 15 دن میں طے ہو گیا تھا۔

پاکستان سینئر اور جونیئر ہاکی ٹیم کے لیے اوپن ٹرائلز کا فیصلہ

کراچی میں 13، لاہور میں 15 اور پشاور میں 23 اپریل کو ٹرائلز ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سینئر اور جونیئر ہاکی ٹیم کے لیے اوپن ٹرائلز کا فیصلہ کر لیا گیا جس کی پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی نے منظوری دے دی۔ سلیکشن کمیٹی کو اوپن ٹرائلز کے انعقاد کا ٹاسک سونپ دیا گیا، سینئر ٹیم کے ٹرائلز کراچی، لاہور اور پشاور میں ہوں گے۔ کراچی میں 13، لاہور میں 15 اور پشاور میں 23 اپریل کو ٹرائلز ہوں گے، ورلڈ کپ کوالیفائر کھیلنے والے کھلاڑی ٹرائلز سے مستثنیٰ ہوں گے۔ جونیئر ہاکی ٹیم کے لیے بھی اوپن ٹرائلز منعقد کیے جائیں گے، منتخب کھلاڑیوں کا تربیتی کیمپ یکم مئی سے اسلام آباد میں لگایا جائے گا۔

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیرِ اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں کرکٹ ٹرائلز گراؤنڈ میں کھلاڑی ٹرائلز دے رہے ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

زمبابوے ویمن کرکٹ ٹیم پاکستان کا دورہ کرے گی

کراچی (این این آئی) زمبابوے ویمن کرکٹ ٹیم پاکستان کا دورہ کرے گی۔ جس کے لیے ٹیم اپریل کے آخر میں کراچی پہنچے گی۔ پاکستان اور زمبابوے ویمن ٹیموں کے درمیان سیریز مئی کے پہلے ہفتے میں شروع ہو گی، یہ سیریز کراچی میں کھیلی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق سیریز کی تاریخوں کو حتمی شکل دی جا رہی ہے جس کا اعلان جلد متوقع ہے۔ اس سیریز میں 3 ون ڈے اور 3 ٹی ٹوئنٹی میچز شامل ہیں۔ تینوں ون ڈے میچز آئی سی سی ویمن چیمپئن شپ کا حصہ ہیں۔ زمبابوے ویمن ٹیم پہلی مرتبہ آئی سی سی ویمن چیمپئن شپ کا حصہ ہے۔ آئی سی سی ویمن چیمپئن شپ کی سیڈنگ میں پاکستان 8 ویں اور زمبابوے 11 ویں نمبر پر ہے۔ آئی سی سی ویمن چیمپئن شپ آئی سی سی ویمن کرکٹ ورلڈ کپ 2029 کا پاتھ وے ہے۔

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار
اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی
تحصیلدار و راشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

دورے پر موجود امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر بھی امریکی نائب صدر کے ہمراہ تھے جبکہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار اور وزیر داخلہ محسن نقوی بھی موجود تھے۔جاری ہونے والے اعلامیے کے مطابق ملاقات میں اہم علاقائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ملاقات میں دونوں ممالک نے خطے میں امن و استحکام کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا ہے۔اس موقع پر وزیراعظم نے ایران اور امریکا کے وفود کی تعمیری اور مثبت انداز میں مذاکرات میں شرکت کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ مذاکرات خطے میں پائیدار اور دیرپا امن کی جانب ایک اہم پیشرفت ثابت ہوسکتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ امید ہے مذاکرات دونوں اطراف کے درمیان اعتماد اور تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان خطے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔وائٹ ہاؤس کی جانب سے بھی امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی وزیراعظم پاکستان شہباز شریف سے ملاقات کی تصدیق کی گئی ہے۔

بقیہ 2

رہے ہیں اور بری طرح ہار رہے ہیں۔صدر ٹرمپ نے اپنے دعوؤں کو دہراتے ہوئے کہا کہ ایران کی بحریہ اور فضائیہ ختم ہو چکی ہے اور ان کا فضائی دفاعی نظام بھی مفلوج ہو چکا ہے، ریڈار تباہ ہو گئے ہیں۔انھوں نے دعویٰ کیا کہ ایران کے میزائل پروگرام، ڈرون فیکٹریاں اور ڈرونز کو ختم کر دیا گیا ہے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ ان کے بڑے رہنما مارے جا چکے ہیں۔ایران کی جانب سمندر میں بارودی سرنگیں بچھائے جانے کا ذکر کرتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ امریکہ اب دنیا بھر کے ممالک کے حق میں آبنائے ہرمز کو صاف کرنا شروع کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ سرنگیں بچھانے والی ایران کی 28 کشتیاں سمندر کی تہہ میں جا چکی ہیں۔امریکی صدر نے کہا کہ ہرمز سے بارودی سرنگوں ہٹانے سے چین، جاپان، جنوبی کوریا، فرانس، جرمنی بھی مستفید ہوں گے۔صدر ٹرمپ نے کہا کہ دنیا کے مختلف حصوں سے بہت بڑی تعداد میں بڑے بڑے خالی آئل ٹینکرز دنیا کے بہترین اور سب سے اعلیٰ معیار کے تیل اور گیس کی لوڈنگ کے لیے امریکا آ رہے ہیں۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا کے پاس تیل کے ذخائر دنیا کی اگلی دو بڑی تیل کی معیشتوں کے مجموعی ذخائر سے بھی زیادہ ہیں اور ان کا معیار بھی بہت بہتر ہے۔صدر ٹرمپ نے دیگر ممالک کو بھی دعوت دی کہ ہم آپ کا انتظار کر رہے ہیں، جلدی آئیں اور فوری تیل و گیس لوڈنگ کروائیں۔صدر ٹرمپ کے دنیا بھر سے آئل ٹینکرز کی امریکا آمد اور تیل و گیس کی خریداری کے اس دعوے کی آزاد ذرائع سے تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔

بقیہ 3

ہدایت پر قائم نیشنل کوآرڈی نیشن اینڈ مینجمنٹ کونسل (این سی ایم سی) نے اس حوالے سے سفارشات دے دی ہیں۔ذرائع نے بتایا کہ این سی ایم سی نے پیٹرولیم ڈویژن کو اس حوالے سے خط بھی لکھ دیا ہے، خط میں گیس فراہمی بہتر ہونے تک نئے آر ایل این جی کنکشنز عارضی معطل کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ذرائع نے بتایا کہ سوئی گیس کی طلب اور رسد کے موثر انتظام کے لیے جامع حکمت عملی تیار کرنے کی سفارش بھی کی گئی ہے اور اضافی گیس کی فراہمی پر ہفتہ وار پیشرفت رپورٹ طلب کی گئی ہے۔ذرائع کے مطابق گیس کے استعمال کو منظم کرنے کے لیے لوڈشیڈنگ کے اوقات کار پر غور کیا جا رہا ہے، یو ایف جی میں کمی اور موسمی بنیادوں پر کھپت کم کرنے جیسے اقدامات پر بھی غور ہو رہا ہے۔ذرائع کے مطابق مہنگی آر ایل این جی کے متبادل مقامی قدرتی گیس کے استعمال کو فروغ دینے کی تجویز بھی دی گئی ہے،اس حوالے سے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی سے مشاورت کی جائیگی، این سی ایم سی کی ایگزیکٹیو کمیٹی نے پیٹرولیم ڈویژن سے 27 اپریل کو بریفنگ طلب کر لی ہے۔

بقیہ 4

ہیں۔غیر ملکی صحافیوں کو فراہم کی گئی سہولیات کے حوالے سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے اعلان کیا ہے کہ ایران اور امریکہ کے صحافیوں کیلئے ویزا آن ارائیول ہوگا، کوریج کے لئے دنیا بھر سے صحافی پاکستان پہنچ رہے ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ صحافیوں کو ایک ہی چھت تلے تمام ضروری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، 50 کے قریب صحافی پاکستان پہنچ چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ چین، سعودی عرب، جاپان، جرمنی، کوریا سمیت مختلف ممالک سے صحافیوں نے ویزا کی درخواستیں دی ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ جناح کنونشن سنٹر میں صحافیوں کے لئے ایک چھت تلے تمام ضروری سہولیات میسر کی ہیں، ہائی اسپیڈ انٹرنیٹ کنیکٹیویٹی، پرنٹرز، کمپیوٹرز اور سکرینز نصب کی گئی ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ صحافتی امور انجام دینے کے لئے درکار تمام سہولیات یہاں میسر کی گئی ہیں، جناح کنونشن سنٹر سے ریڈ زون قریب ہے، صحافی یہاں سے باآسانی کوریج کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو کارڈز جاری کئے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تمام سہولیات ایک ہی جگہ فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ صحافیوں کو کوریج میں کوئی دقت نہ پیش آئے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ کوریج کے لئے آنے والے غیر ملکی صحافیوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

بقیہ 5

ہے۔ایرانی سفیر نے کہا کہ ایران کے خلاف جاری جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان نیک نیتی پر مبنی سفارتی کوششوں کی میزبانی کر رہا ہے۔رضا امیری مقدم نے کہا کہ یہ جنگ صرف ایرانی قوم اور تہذیب کے خلاف ایک کھلا جرم ہے، اس جنگ نے خطے اور دنیا کی سلامتی کو بھی خطرے میں ڈال دیا ہے۔ایرانی سفیر نے کہا کہ دیکھنا باقی ہے کہ آیا امریکہ میزبان کی ان مخلصانہ سفارتی کوششوں کا احترام کرتا ہے یا نہیں۔

بقیہ 6

لیٹر 135 روپے جب کہ پیٹرول کی قیمت میں 12 روپے کمی کر دی گئی ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق مٹی کے تیل کی نئی قیمت بھی 450 روپے 15 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے جبکہ لائٹ ڈیزل 25 روپے 31 پیسے فی لیٹر سستا کیا گیا ہے، لائٹ ڈیزل کی نئی قیمت 369 روپے 52 پیسے فی لیٹر ہوگئی، یہ نئی قیمتیں آئندہ ایک ہفتے کے لیے نافذ رہیں گی، پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کے مطابق پیٹرول کی نئی قیمت 366 روپے 58 پیسے فی لیٹر ہے جبکہ ہائی سپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 385 روپے 54 پیسے فی لیٹر ہے، گزشتہ رات 12 بجے سے نئی قیمتوں کا اطلاق ہو چکا ہے۔

بقیہ 7

وفود ہفتہ کو اسلام آباد پہنچے۔جنگ بندی میں اہم کردار ادا کرنے کے بعد پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان اہم مذاکرات کی میزبانی کر رہا ہے جو مشرقِ وسطیٰ اور دنیا کے مستقبل پر گہرے اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ماہرین کے مطابق پاکستان کے لیے یہ اس کی سفارتی تاریخ کا ایک اہم لمحہ ہے، خصوصاً امریکا کے حوالے سے کیونکہ تقریباً ایک دہائی کے بعد اعلیٰ سطح کا امریکی وفد پاکستان کا دورہ کر رہا ہے، جس میں نائب صدر بھی شامل ہیں۔ماضی کے ان مواقع پر ایک نظر ڈالی گئی ہے جب امریکی صدور اور نائب صدور نے پاکستان کا دورہ کیا۔1959 میں دسمبر کی ایک سرد صبح امریکا کے 34 ویں صدر ڈوائٹ ڈی آئزن ہاور اپنے پاکستانی ہم منصب صدر ایوب خان کی دعوت پر کراچی پہنچے۔دونوں رہنماؤں کے درمیان مشرق و مغرب کے تعلقات، سوویت حکمتِ عملی، پاک بھارت تعلقات، سینٹو اتحاد اور افغانستان سمیت کئی امور پر گفتگو ہوئی۔اس دورے کے بعد امریکا نے پاکستان کی فوجی اور اقتصادی امداد میں نمایاں اضافہ کیا۔ 20 مئی 1961 کو امریکی نائب صدر لنڈن بی جانسن نے کراچی میں ایک اونٹ گاڑی چلانے والے بشیر احمد سربین سے ملاقات کی، جو ایک تاریخی لمحہ بن گیا۔ٹریفک میں رکے قافلے کے دوران جانسن گاڑی سے اترے، بشیر سے ہاتھ ملایا اور دوستی کی پیشکش کی، بعدازاں بشیر کو امریکا مدعو کیا گیا اور یہ تعلق دونوں کی زندگیوں تک برقرار رہا۔جانسن نے 1967 میں بطور صدر بھی مختصر دورہ کیا اور ایوب خان سے ملاقات کی۔یکم اگست 1969 میں امریکی صدر رچرڈ نکسن نے پاکستان کا دورہ کیا تاکہ صدر یحییٰ خان کے ذریعے چین سے رابطے بحال کیے جا سکیں۔پاکستان کو اس کردار کے لیے اس لیے منتخب کیا گیا کیونکہ اس کے واشنگٹن اور بیجنگ دونوں سے تعلقات تھے،اس کے 2 سال بعد 1971 میں سابق امریکی وزیرِ خارجہ ہینری کسنجر نے پاکستان کے ذریعے چین کا خفیہ دورہ کیا، جس نے عالمی سفارت کاری میں اہم موڑ پیدا کیا۔مئی 1984 میں امریکی نائب صدر جارج ایچ ڈبلیو بش نے مری میں جنرل ضیاالحق سے ملاقات کی اور صدر رونالڈ ریگن کا خط پہنچایا، بات چیت میں افغانستان اور ایران عراق جنگ جیسے اہم امور زیرِ بحث آئے۔سابق وزیر اعظم نواز شریف کی برطرفی کے فوراً بعد 25 مارچ 2000 کو امریکی صدر بل کلنٹن نے پاکستان کا دورہ کیا۔وہ 30 سال میں پاکستان کا دورہ کرنے والے پہلے امریکی صدر بن گئے تاہم ان کا 5 گھنٹے کا دورہ کئی وجوہات کی باعث مشہور ہوا۔سابق وزیرِ خزانہ شوکت عزیز کے مطابق امریکی صدر بل کلنٹن نے فوجی حکمراں پرویز مشرف کے ساتھ مصافحہ کرتے ہوئے تصویر بنوانے سے گریز کیا۔انہوں نے سفارتی اصولوں کو نظر انداز کرتے ہوئے براہ راست پاکستانی عوام سے ٹی وی خطاب بھی کیا، یہ سفارتی روایات سے ہٹ کر ایک اہم اقدام تھا، انہوں نے پاک امریکا تعلقات سمیت متعدد موضوعات پر بات کی۔امریکی نائب صدر ڈک چینی نے دسمبر 2005 اور فروری 2007 میں پاکستان کے دورے کیے۔یہ وہ وقت تھا جب امریکا کے بیک ٹو بیک اعلیٰ سطح کے دوروں سے پاکستان عالمی سطح پر توجہ کا مرکز بنا ہوا تھا۔دسمبر 2005 کے دورے کے دوران جنرل مشرف سے ملاقات میں امریکی نائب صدر کا کہنا تھا کہ امریکا پاکستان کے ساتھ طویل المدتی بنیادوں پر اپنے کثیر جہتی تعلقات کو فروغ دینا چاہتا ہے۔ڈک چینی نے 8 اکتوبر کے زلزلے کے اثرات پر قابو پانے کی کوششوں کے لیے یکجہتی اور حمایت کا بھی اظہار کیا۔فروری 2007 میں انہوں نے ایک بار پھر پاکستان کا غیر اعلانیہ دورہ کیا،اس دورے کے دوران انہوں نے جنرل پرویز مشرف کو ایک سخت پیغام دیا، جس کی تفصیلات مکمل طور پر منظرِ عام پر نہیں آئیں۔مارچ 2006 میں امریکی صدر جارج ڈبلیو بش رات کی تاریکی میں پاکستان پہنچے، سیکیورٹی انتہائی سخت تھی، جبکہ اسلام آباد میں مکمل لاک ڈاؤن تھا۔اس دورے کے پیچھے دہشت گردی کے خلاف جنگ، اقتصادی شراکت داری اور 2005 کے زلزلے کے لیے امریکی امداد پر بات چیت کارفرما تھی تاہم اس دورے کی خاص بات ایک کرکٹ کلینک بھی تھا، جہاں انہوں نے عام پاکستانیوں کے ساتھ جڑنے کی کوشش کرتے ہوئے طلبہ کے ساتھ کرکٹ کھیلنے کی کوشش کی اور کرکٹر انضمام الحق سے ملاقات کی۔امریکا کے سابق صدر جو بائیڈن نے جنوری 2009 اور 2011 میں بطور نائب صدر پاکستان کے دورے کیے، پہلے دورے میں انہوں نے پاکستان کو اہم اتحادی قرار دیا اور صدر آصف علی زرداری سے ملاقات کی، جنہوں نے انہیں ہلالِ پاکستان سے نوازا۔جنوری 2011 کے دورے میں ان کی گفتگو کا محور افغانستان، شدت پسندی اور علاقائی سیکیورٹی کے مسائل رہے۔یہ تاریخی دورے اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ پاکستان طویل عرصے سے عالمی سفارت کاری میں ایک اہم کردار ادا کرتا آیا ہے اور اسلام آباد میں ہونے والے حالیہ مذاکرات اسی تسلسل کی ایک نئی کڑی ہیں۔

بقیہ 8

ہوئے امسال بھی وساکھی کا تہوار بھرپور جوش و خروش سے منائے گی۔انہوں نے ماضی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سال وزیراعلیٰ مریم نواز نے کرتارپور صاحب میں خود گندم کی کٹائی کر کے اس تہوار کا باقاعدہ آغاز کیا تھا، جو سکھ برادری سے ہماری محبت اور جڑت کا ثبوت ہے۔صوبائی وزیر نے یاتریوں کو یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ حکومتِ پنجاب نے سکھ مہمانوں کے لیے قیام وطعام اور ٹرانسپورٹ کے بہترین انتظامات کیے ہیں۔یاتریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان ترتیب دیا گیا ہے تاکہ وہ مکمل امن وسکون کے ساتھ اپنی مذہبی رسومات ادا کر سکیں۔انہوں نے مزید کہا کہ سکھ یاتری ہمیشہ سے پنجاب کی مہمان نوازی کے معترف رہے ہیں اور ہم اس بار بھی ان کی خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔سرحد پار سے آنے والے یاتری ہمارے معزز مہمان ہیں اور ان کی میزبانی کرنا ہمارے لیے باعثِ مسرت ہے۔

بقیہ 9

کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 10

بحال کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ہماری قیادت نے پاکستان کو نئی خوداعتمادی اور عزت بخشی ہے، جس سے ہر پاکستانی حقیقی معنوں میں فخر محسوس کر رہا ہے۔الحمدللہ!

بقیہ 11

کے مطابق یہ پیشرفت تمام فریقین کو کشیدگی میں کمی، تنازعات کے پرامن اور پائیدار حل کی ترغیب دیتی ہے۔انڈونیشیا کی وزارت خارجہ نے کہا کہ فریقین زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کریں۔انڈونیشین وزارت خارجہ کے مطابق فریقین خود مختاری، علاقائی سالمیت کا احترام کرتے ہوئے بات چیت اور سفارت کاری کو فروغ دیں۔

بقیہ 12

کی بدلتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ یہ وائرس اب محض بیرونِ ملک سے نہیں آ رہا بلکہ ملک کے اندر مقامی سطح پر منتقل ہونا شروع ہو گیا ہے۔میڈیا راؤنڈ ٹیبل کے دوران ماہرین نے بتایا کہ پاکستان میں اب تک کی صورتحال تشویشناک رخ اختیار کر رہی ہے، 2025 میں پاکستان میں 53 کیسز رپورٹ ہوئے تھے جن میں سے اکثر کا تعلق بیرونِ ملک سفر سے تھا تاہم 2026 میں یہ پیٹرن بدل گیا ہے۔کراچی میں حالیہ دو کیسز میں سے ایک مقامی منتقلی کا شبہ ظاہر کرتا ہے، جبکہ خیرپور میں وائرس کا پھیلاؤ یہ ظاہر کرتا ہے کہ انفیکشن اب صحت کی سہولیات تک پہنچ چکا ہے۔ڈاکٹر فیصل محمود (پروفیسر، آغا خان یونیورسٹی ہسپتال) نے زور دیا کہ ہم اس مرحلے پر ہیں جہاں بروقت آگاہی ہی پھیلاؤ کو روک سکتی ہے۔ معالجین اور عوام علامات ظاہر ہوتے ہی فوری اقدام کریں اور انتظار نہ کریں۔ماہرین نے واضح کیا کہ Mpox فضائی وائرس نہیں ہے، بلکہ یہ درج ذیل طریقوں سے پھیلتا ہے، متاثرہ شخص کی جلد سے جلد کا رابطہ، متاثرہ شخص کے زیرِ استعمال بستر یا کپڑوں کو چھونا، طویل وقت تک قریبی رابطے کے دوران سانس کی بوندوں کے ذریعے اور حمل یا پیدائش کے دوران منتقلی کا خطرہ ہوتا ہے۔ڈاکٹر فاطمہ میر (ایسوسی ایٹ پروفیسر) کے مطابق، علامات کو نظر انداز کرنا اور تنہائی میں تاخیر بڑے پیمانے پر انفیکشن کا سبب بن سکتی ہے۔نمایاں علامات میں بخار، سوجے ہوئے لمف نوڈز، چہرے، ہتھیلیوں، تلووں اور جنسی حصوں پر نمایاں دانے یا زخم ہے، نوزائیدہ بچے، حاملہ خواتین اور کمزور مدافعتی نظام والے افراد میں شدید بیماری کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ماہرین کے مطابق علامات ظاہر ہونے کی صورت میں خود کو دوسروں سے الگ کریں اور ڈاکٹر سے رجوع کریں، کسی مشتبہ مریض سے رابطہ ہونے کی صورت میں 21 دن تک اپنی صحت کی نگرانی کریں۔ہسپتالوں کو ہدایت دی گئی کہ زچگی کے شعبوں اور نوزائیدہ بچوں کے وارڈز میں انفیکشن کنٹرول پروٹوکولز کو فوری طور پر سخت کیا جائے۔

بقیہ 13

09 ہزار روپے نکلوا کر شاپر میں ڈال لیے اور موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جانے ہی لگا تھا کہ ایک نامعلوم شخص اسکے پاس ارکلرفٹ مانگی راستہ میں نامعلوم شخص نے موٹر سائیکل رکوایا جوں ہی موٹر سائیکل روکا تو نامعلوم شخص نے پیسوں سے بھر شاپر چھین لیا اور اسی اثنا میں پیچھے سے آنے والی کار میں سوار ہو کر فرار ہو گیا متاثرہ شخص نے بہت شور شرابہ کیا مگر اس کے شور شرابہ پر کسی نے کان نھیں دھرے، اطلاع ملتے ہی ایس ڈی پی او صدر سرکل میانوالی پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر شواہد اکھٹے کیے اور تھانہ سٹی میانوالی میں ازحتی محمد اسلم خان سکنہ روکھڑی کی مدعیت میں ایف آئی ار درج کر کے تفتیش شروع کر دی، قابل ذکر بات یہ ہیکہ ایف آئی ار میں 80 سالہ بزرگ شخص خواص خان زادے خیل کو نامزد کیا گیا ہے۔

بقیہ 14

بھر میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالجز قائم کیے جائیں گے، جن میں خواتین کی تعلیم کے فروغ کے لیے ویمن کالجز کو ترجیح دی جائے گی۔یہ تجویز محکمہ ہائر ایجوکیشن کی جانب سے پیش کی گئی تھی، جبکہ صوفی آباد میں ویمن کالج کے لیے زمین کی منتقلی کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق اس سلسلے میں اراضی ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے نام منتقل کرنے کی درخواست دے دی گئی ہے ۔کابینہ کی منظوری کے بعد منصوبے پر عملدرآمد تیز کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے ۔ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کو زمین کی فراہمی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے ، جبکہ ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ منصوبے پر عملدرآمد کا ذمہ دار ہوگا اور کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ تعمیراتی کام سرانجام دے گا۔

بقیہ 15

کرکٹ کے ڈرم وغیرہ کو مستقل صاف رکھنے کا حکم دیا ہے۔پنجاب میں پہلی مرتبہ ایچ ڈی پی ای پائپ لائننگ پلانٹ کی انسٹالیشن کی جائے گی، 20 اپریل سے کام شروع ہوگا ۔جنوبی پنجاب میں ایچ ڈی پی ای پائپ لائننگ پلانٹ قائم کیا جائے گا ۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی ویڈیو لنک اجلاس میں پیش کردہ پراجیکٹ گیلری میں ہر تحصیل میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تصویری جائزہ لیا گیا-لائیو ڈیش بورڈ پر تمام پراجیکٹس کی فنانشل اور فیزیکل پراگریس رپورٹ بھی پیش کی گئی-وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ماضی میں 5 سال میں بھی اتنے پراجیکٹ نہیں ہوسکے جو ہم 2 سال میں کر چکے ہیں-واسا پراجیکٹس کی جلد از جلد تکمیل کے بعد بیوٹیفکیشن پر بھرپور توجہ دی جائے

بقیہ 16

راستے وسط ایشیائی ریاستوں تک پہنچایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اس کوریڈور کے فعال ہونے سے پاکستان کی ناصرف معیشت کی نمو کی رفتار تیز ہو جائے گی بلکہ پاکستانی بندرگاہوں پر رش بھی بڑھ جائے گا۔ڈائریکٹوریٹ کے مطابق پاک ایران ٹرانزٹ کوریڈور کو عملی آغاز ٹی آئی آر کے تحت کیا گیا ہے ۔ اس ضمن میں ڈائریکٹوریٹ ٹرانزٹ ٹریڈ کسٹمز نے ٹی آئی آر کے طریقہ کار کو موثر بناتے ہوئے ٹی آئی آر ٹرانزٹ کے لیے تافتان، ردیان، سوست، گوادر و دیگر اہم بارڈر کراسنگ پوائنٹس کو فعال کیا ہے ۔پاک ایران ٹرانزٹ کوریڈور پاکستان کی تجارت اور ٹرانزٹ شعبے میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگا اور اس پیشرفت کو پاکستان کے لیے ایک اسٹریٹجک کامیابی قرار دیا جا رہا ہے جو نہ صرف برآمدات میں اضافے کا باعث بنے گا بلکہ علاقائی رابطوں کو بھی نئی جہت دے گا۔ ذرائع کے مطابق پاک ایران کوریڈور کے فعال ہونے سے پاکستان کو سمندری راستوں پر انحصار کم کرتے ہوئے ایک متبادل اور کم لاگت تجارتی راستہ میسر آئے گا جس سے ٹرانزٹ دورانیے میں کمی اور کاروباری لاگت میں خاطر خواہ کمی ممکن ہوسکے گی، اس سلسلے میں منعقدہ تقریب میں ڈائریکٹر جنرل ٹرانزٹ ٹریڈ کسٹمز ثناء اللہ ابڑو اور ڈائریکٹر ٹرانزٹ محمد راشد نے پہلی کنسائمنٹس کو روانہ کیا۔

بقیہ 17

فوری طور پر کرایوں میں 25 فیصد کمی کر کے نئے کرایوں پر عملدرآمد شروع کر دیا ہے۔دوسری جانب گڈز ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن کی طرف سے کرایوں میں 40 فیصد کمی کر دی گئی ہے، جبکہ منی مزدا گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کی طرف سے بھی 25 فیصد کرایوں میں کمی کر دی گئی۔ذرائع کے مطابق پنجاب بھر میں کرایوں میں کمی کا اطلاق فوری کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 18

ایکٹ 2016 اور 4 پنجاب آرڈیننس کی خلاف ورزی، خصوصی طور پر آتش بازی، اور سرکاری احکامات کی خلاف ورزی پر مقدمات درج کیے گئے۔ پولیس نے ملزمان پر دفعہ 286، 285 کے تحت کارروائی شروع کر دی ہے ۔ ذرائع کے مطابق شادی تقریبات میں اوقات کار اور ساؤنڈ سسٹم کی پابندیوں کو نظر انداز کیا جا رہا تھا، جبکہ آتش بازی کا سلسلہ بھی جاری تھا، جس پر پولیس نے فوری ایکشن لیتے ہوئے قانونی شکنجہ کس دیا۔ان مقدمات کی تفتیش سب انسپکٹر یعقوب کے سپرد کر دی گئی ہے، جو پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ کیسز کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ قانون سے کھلواڑ کرنے والوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی اور ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔شہریوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ شادی خوشی کا موقع ضرور ہے ، مگر قانون کی خلاف ورزی مہنگی پڑ سکتی ہے۔

بقیہ 19

میں کمی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں، اور امید کرتے ہیں کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ حکومت ٹول ٹیکس، وِد ہولڈنگ ٹیکس سمیت موٹروے پولیس، ٹریفک پولیس کے ناجائز چالان میں ریلیف دے، ملک کی نازک صورتحال اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے وفاقی و صوبائی حکومتیں ٹیکسز میں ریلیف دیں۔

بقیہ 20

کہ یہ انتخابات الیکشنز ایکٹ 2017 اور جی بی آرڈر 2018 کے تحت منعقد کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام انتظامات متعلقہ قوانین کے مطابق مکمل کیے جائیں گے۔الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کو پاکستان گزٹ میں اشاعت کے لیے بھی بھجوا دیا گیا ہے، جس کے بعد انتخابی عمل کا باضابطہ آغاز تصور کیا جائے گا۔

بقیہ 21

کو اعزاز سمجھتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں آنے والے سکھ یاتریوں کی خدمت و تواضع میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ سکھ یاتریوں کی آمد و رفت، قیام وطعام اور سیکورٹی کے لئے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں۔ سکھ مہمانوں کے لئے پہلی بار ایئر کنڈیشنڈ مارکیز قیام گاہوں اور لنگری گاڑیوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ عملی اقدامات کی صورت میں روز روشن کی مانند عیاں ہے۔

بقیہ 22

کمی کیلئے بھی سرگرم ہو گئے اور رات گئے ہی ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی کیلئے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کر دیں۔ انہوں نے نئے کرایوں کی لسٹ جاری کرانے کا حکم دیا جس کے بعد ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی کیلئے تمام اضلاع میں ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں۔ تمام آر ٹی ایز کو ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی کے حوالے سے رپورٹ جمع کرانے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ مختلف ٹرانسپورٹ کمپنیوں سے بات چیت کے بعد ٹرانسپورٹ کرایوں میں 25 فیصد تک کمی کرائی گئی ہے جبکہ گڈز ٹرانسپورٹ کرایوں میں بھی 40 فیصد تک فوری نمایاں کمی کی ہوئی ہے۔ وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان نے کہا ہے کہ خوشی ہے حالات بہتر ہو رہے ہیں۔ وعدہ کیا تھا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہوتے ہی ٹرانسپورٹ کرائے بھی کم کروائیں گے۔ مشکل گھڑی میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بہترین فیصلے کیے ہیں۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی ہونے پر کرائے بھی مزید کم ہوتے جائیں گے اور زائد کرایہ وصول کرنے والوں کیساتھ کوئی رعایت نہ برتی جائیگی۔ ٹرانسپورٹرز کو چاہیے وہ بھی ڈیزل کی قیمت میں کمی کے لحاظ سے اپنے کرائے خود کم کر دیں۔ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے مزید اقدامات بھی جاری رہیں گے۔

بقیہ 23

فیصلہ کرتے ہوئے سرگودھا سمیت صوبہ کے تمام اضلاع میں سروے مکمل کر کے اقدامات شروع کر دیئے ہیں جس کے تحت صوبہ بھر میں 60 ہزار سے زائد مستحق بیوہ خواتین کو بیوہ کارڈز جاری کئے جائیں گے جن کے ذریعے مستحق بیوہ خواتین کو ایک لاکھ روپے اور یتیم بچوں کو پچیس پچیس ہزار ملیں گے۔توقع ہے کہ چند روز میں بیوہ کارڈز کا اجراء شروع کر دیا جائے گا۔

بقیہ 24

میں صوبائی دارالحکومت میں انسداد ڈینگی کے حوالے سے تیاریوں اور کارروائیوں کا جائزہ لیا گیا ۔خواجہ عمران نذیر نے سرکاری اداروں اور دفاتر میں بھی ڈینگی سروے کروانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ہر سرکاری ادارہ انسداد ڈینگی کے حوالے سے فوکل پرسن نامزد کرے اور سرکاری اداروں میں ڈینگی لاروا کی برآمدگی کی صورت میں متعلقہ افسر کے خلاف مقدمہ کا اندراج ہو۔ صوبائی وزیر صحت و آبادی نے کہا کہ انسداد ڈینگی کے تحت بلا تفریق کارروائیاں کی جائیں اور ڈینگی کا خاتمہ اجتماعی ذمہ داری ہے، جس گھر سے ڈینگی کا لاروا برآمد ہوا وہاں پر ریڈ اسٹیکر لگایا جائے گا۔ آنے والے دنوں میں ڈینگی پھر حملہ آور ہو سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈینگی سرویلنس کر کارروائیاں مذید تیز کی جائیں، امسال محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ آف سیزن سے اپنی پیس تیز رکھیں گے تو ہی ڈینگی سے موثر طریقے سے نبرد آزما ہو پائیں گے۔ اجلاس میں طالب علموں پر مشتمل ڈینگی والینٹئر فورس بنانے پر بھی غور کیا گیا اور ہدایت کی گئی کہ نجی اسپتالوں اور جنرل پریکٹیشنز سے بھی ڈینگی مریضوں کا ڈیٹا لیں، تمام ڈی ڈی ایچ اوز اور فیلڈ اسٹاف فیلڈ میں متحرک رہیں۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ ڈینگی کے حوالے سے تمام کیسز رپورٹ کئے جائیں، لاروا یا کیس چھپانا نہیں ہے۔انسداد ڈینگی مہم کے تحت سرویلنس بہتر بنائیں اور لاروا ڈیٹیکشن کے بعد مکمل ایس او پیز پر عمل کریں۔ لاہور کے گرد ونواح کے علاقوں میں انسداد ڈینگی کارروائیوں پر خصوصی توجہ دی جائے۔ ڈینگی کے حوالے سے تمام حساس علاقوں میں سخت مانیٹرنگ کی جائے گی۔ جن علاقوں میں ڈینگی لاروا یا مریض رپورٹ ہو وہاں ڈینگی اسپرے لازمی کرائیں۔خواجہ عمران نذیر نے محکمہ صحت اور ضلعی انتظامیہ کو ملیریا کے حوالے سے بھی الرٹ رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کلینک آن ویلز ڈینگی مریضوں کی سکریننگ میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ تمام ہاؤسنگ سوسائٹیز کو بھی اس آپریشن کا حصہ بنائیں۔انسدادی کارروائیوں میں عوام کی شمولیت کو یقینی بنایا جائے۔ مچھروں کی افزائش اور ہاٹ سپاٹ ایریاز کو مکمل طور پر کور کریں، انسداد مہم میں تمام الائیڈ محکموں کی مکمل شمولیات یقینی بنائی جائے، عوام انسداد ڈینگی مہم کے دوران ذمہ داری کا ثبوت دیں۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے اجلاس میں بتایا کہ محکمہ صحت اور ضلعی انتظامیہ کی کوششوں سے لاہور میں الحمدللہ صورتحال کنٹرول میں ہے۔انسداد ڈینگی وملیریا مہم کے دوران تمام ڈیٹا پورٹل پر اپ لوڈ کیا جائے گا انسداد ڈینگی مہم کا تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن کروایا جائے گا۔ڈپٹی کمشنر نے اینٹی ڈینگی اسکواڈ کو فوڈ چینز، ہوٹل، ٹائروں کے گودام، چھتیں اور دیگر کھلے مقامات کا جامع سروے کروانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 25

پاک فضائیہ کے لڑاکا اور معاون طیاروں پر مشتمل ہے۔جس کا مقصد دونوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان مشترکہ عسکری ہم آہنگی کو مضبوط بنانا، عملی تیاری کے معیار کو بلند کرنا اور علاقائی و بین الاقوامی سطح پر امن و استحکام کے فروغ میں تعاون فراہم کرنا ہے۔یاد رہے کہ پاکستان اور سعودی عرب نے ستمبر 2025 میں دفاعی معاملات میں تعاون اور سلامتی سے متعلق باہمی دفاع کے سٹریٹجک معاہدے (جوائنٹ سٹریٹجک ڈیفنس ایگریمنٹ) پر دستخط کیے تھے جس کے تحت کسی ایک ملک کے خلاف بیرونی جارحیت کو دونوں ممالک کے خلاف جارحیت تصور کیا جائے گا۔پاکستان اور سعودی عرب کے رہنماؤں کی جانب سے اس معاہدے کو تاریخی قرار دیا گیا تھا۔یاد رہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دفاعی شراکت داری سے متعلق اس معاہدے کا اعلان ایک ایسے وقت میں ہوا تھا جب اسرائیل کی جانب سے قطر کے دارالحکومت دوحہ میں ہونے والے حملے کے بعد سے عرب ممالک میں تشویش پائی جاتی تھی۔

بقیہ 26

کے مطابق ڈی سی لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی قیادت میں اسسٹنٹ کمشنرز، پیرا اور ریونیو فیلڈ سٹاف نے مشترکہ کارروائیاں کیں، ماڈل ٹاؤن، نشتر، راوی، شالیمار، سٹی، واہگہ، اقبال میں خلاف ورزیوں پر ایکشن لیا گیا جبکہ مساجد سے بروقت مارکیٹ بندش کے اعلانات کرائے گئے۔ضلعی انتظامیہ کے مطابق سپر سٹورز اور ہاؤسنگ سوسائٹیز کو رضاکارانہ تعمیل کے لیے آگاہ کیا گیا جبکہ خلاف ورزی کرنے پر ماڈل ٹاؤن میں 963 انسپکشنز کے دوران 44 دکانیں سیل اور 3 لاکھ 90 ہزار جرمانہ بھی کیا گیا۔دیگر کارروائیوں میں نشتر میں 900 انسپکشنز کے دوران 20 خلاف ورزیوں پر سیلنگ کی گئی، راوی میں 670 انسپکشنز، 19 دکانیں سیل، لاری اڈا میں 5 املاک سیل، شالیمار میں 610 انسپکشنز، 29 مراکز سیل اور 85 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔تحصیل سٹی میں 520 انسپکشنز کے دوران 43 دکانیں سربمہر، علامہ اقبال ٹاؤن میں 32 املاک سیل اور 2 لاکھ 10 ہزار جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ واہگہ میں 423 انسپکشنز، 14 دکانیں سربمہر سیل کی گئیں۔

بقیہ 27

کی تعداد 9 لاکھ 17 ہزار 400 تک پہنچ گئی ۔اس طرح فروری 2026 کے مقابلے میں مارچ 2026 کے دوران روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کی تعداد میں 7 ہزار 993 اکاؤنٹس کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 28

محفوظ رہیں اور دنیا کو ایک بڑے سانحے سے بچا لیا گیا۔یہی حقیقی قیادت کی اصل روح ہے ، الحمدللہ۔اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہمیشہ اپنی حفاظت میں رکھے اور ہماری رہنمائی فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 29

سعودی عرب، مصر، ترکیے اور دیگر شراکت داروں کی معاونت حاصل رہی، اسلام آباد میں شروع ہونے والے مذاکراتی عمل میں فریقین کا تعمیری جذبہ کار فرما رہا ہے۔پاکستانی سفیر نے کہا کہ بات چیت اور افہام وتفہیم سے معاملات کو حل کرنے میں مدد ملے گی، پاکستان بنیادی طور پر سہولت کار کا کردار ادا کر رہا ہے، تصفیہ طلب معاملات کے حل کی ذمہ داری متعلقہ فریقین کی ہے۔انہوں نے کہا کہ معاملے کے حل سے متعلق پاکستان اور عالمی برادری نیک خواہشات کا اظہار کر رہی ہے، انہوں نے اس وقت سفارت کاری کو بھرپور موقع فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 30

چاندی بھی بڑی مقدار میں ملی۔انہوں نے کہا کہ غیر ملکی کرنسی بھی نذرانے میں شامل تھی، سونا چاندی توشہ خانے میں رکھا جائے گا۔مختار ابڑو کا کہنا ہے کہ اوقاف کے حکام کی نگرانی میں گنتی کا عمل مکمل کیا گیا اور رقم بینک میں جمع کرادی گئی ہے۔

بقیہ 31

اور گوجر خان کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 32

واڈیفول سے ٹیلی فونک گفتگو ہوئی ہے۔ایرانی میڈیا کے مطابق گفتگو کے دوران عباس عراقچی نے کہا کہ ایران امریکا کے ساتھ بے اعتمادی کے ماحول میں مذاکرات میں شامل ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بے اعتمادی کی وجہ امریکا کی وعدہ خلاف ورزی اور سفارتی دھوکا دہی ہے۔ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران بھرپور اتفاقی کے ساتھ اپنے عوام کے مفادات اور حقوق کے تحفظ کرے گا۔

بقیہ 33

سے بچانا تھا، عالمی برادری کو بھی چاہیئے کہ وہ پاکستان کی ان کوششوں کا ساتھ دے، پاکستان نے ہمیشہ امن واستحکام کے فروغ کیلئے مثبت اور موثر کردار ادا کیا ہے، موجودہ صورتحال میں بھی پاکستان کی قیادت کی جانب سے فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کی کوششیں خوش آئند ہیں، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی عملی سفارتی کوششوں سے خطہ بڑی تباہی سے بچ گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کا مذاکرات کی میز پر آنا بڑی اہم پیشرفت ہے اور آج پوری قوم کا سر فخر سے بلند ہو گیا ہے ،دنیا پاکستان کے مثبت اور تعمیری سفارتکاری کردار کو تسلیم کر رہی ہے، پاکستان نے کشیدگی کے بجائے مذاکرات کو ترجیح دے کر عالمی سطح پر مثبت مثال قائم کی ہے۔ مسلم لیگی رہنما شاہدہ قدیر نے مزید کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو نوبل امن انعام دینے کا مقدمہ غیر معمولی، مضبوط اور ناقابل تردید شواہد پر مبنی ہے، جو عالمی امن کے قیام میں ان کی غیر معمولی خدمات کا واضح اعتراف ہے، جنوبی ایشیاء کو ایٹمی جنگ کے خطرے سے بچانا ایک تاریخی کارنامہ ہے جسے عالمی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے، ایک سابق امریکی صدر کی جانب سے بھی اس امر کا اعتراف کیا جا چکا ہے کہ اس موثر حکمت عملی کے باعث لاکھوں انسانی جانیں محفوظ ہوئی۔انہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کے دوران پس پردہ سفارتکاری میں پاکستان کا کلیدی کردار علاقائی امن کیلئے فیصلہ کن ثابت ہوا۔

بقیہ 34

48 ہزار روپے ہتھیائے تھے، گرفتار ملزم شہری کو بیرون ملک بھجوانے میں ناکام رہا اور روپوش ہو گیا تھا۔ترجمان نے بتایا کہ ملزم ایف آئی اے لاہور کو کافی عرصے سے مطلوب تھا جس کی گرفتاری کے بعد مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ 35

گفتگو کرتے ہوئے کیا۔سید یوسف رضا گیلانی نے کہا میرے ڈیرہ غازی خان آنے کا مقصد سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کی وفات پر انکے لواحقین سے اظہار تعزیت کرنا ہے۔ سردار ذوالفقار علی کھوسہ ملک کا قیمتی اثاثہ تھے اور انکے صاحبزادوں کا بھی ملکی سیاست میں اہم کردار ہے۔انہوں نے کہا کہ میری سردار ذوالفقار علی کھوسہ سے پرانی وابستگی تھی اور میں دعا گو اللہ پاک مرحوم کے درجات کو بلند فرمائے۔امریکہ ایران جنگ کے حوالے سے سید یوسف رضا گیلانی کا کہنا تھا کہ اللہ پاک نے پاکستان کو بڑا مقام عطا کیا ہے اور وہ خطہ میں امن کی خاطر کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دنیا کی سپر پاور اور ایران کے درمیان صلح کی بھرپور کوشش کر رہا ہے اور ہم پرامید ہوں مذاکرات کا یہ سلسلہ نتیجہ خیز اور کامیاب ہو گا۔انھوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں پاکستانی افواج خصوصی طور ایئر فورس نے بھارت کو منہ توڑ جواب دے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا لیا۔انہوں نے کہا کہ میں پر امید ہوں کہ پاکستان آئندہ چیلنجز سے بھی موثر انداز میں نمٹ کر سرخرو ہو گا۔ قبل ازیں چیئرمین سینیٹ کھوسہ ہاؤس پہنچے تو سردار دوست محمد کھوسہ، سردار حسام الدین کھوسہ اور سردار سیف الدین کھوسہ نے ان کا استقبال کیا۔اس موقع پر سید یوسف رضا گیلانی نے سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 36

ملزمان سے تفتیش جاری، مزید انکشافات بھی متوقع ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق تھانہ سمن آباد کے درج مقدمہ پر سراغ لگاتے ہوئے ملزمان کو ٹریس کیا گیا، ملزمان گھروں کی ریکی کے دوران شک سے بچنے کیلئے معصوم بچے کو بھی ساتھ رکھتے۔

بقیہ 37

کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 38

پر مختصر بات چیت ہوئی۔وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے آئندہ واشنگٹن میں مالیاتی اجلاسوں میں سعودی ہم منصب سے دوبارہ ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا۔سعودی وزیر خزانہ کا دورہ دونوں ممالک کے درمیان قریبی اور دیرینہ شراکت داری کا عکاس ہے۔

بقیہ 39

لاہور ہائیکورٹ کے جج تعینات ہوئے تھے اور اس وقت سنیارٹی لسٹ میں دوسرے نمبر پر ہیں۔دوسری جانب جسٹس امجد جاوید گھرال 29 اپریل کو ریٹائرڈ ہوں گے۔ وہ 26 نومبر 2016 کو جج لاہور ہائیکورٹ مقرر ہوئے اور اس وقت سنیارٹی لسٹ میں 13 ویں نمبر پر ہیں۔دونوں ججز کی ریٹائرمنٹ کے بعد لاہور ہائیکورٹ میں ججز کی تعداد کم ہو کر 40 رہ جائے گی جبکہ خالی آسامیوں کی تعداد بڑھ کر 20 ہو جائے گی۔

بقیہ 40

ایلچی اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر بھی شامل تھے۔وزارتِ خارجہ کے مطابق وفد کا استقبال نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے کیا۔اسحاق ڈار نے امریکی عزم کو سراہتے ہوئے خطے اور دنیا میں پائیدار امن کی امید ظاہر کی۔پاکستان نے فریقین کے درمیان تعمیری مذاکرات اور دیرپا حل کے لیے سہولت کاری جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا ہے۔

بقیہ 41

نے پلس پراجیکٹ کی پیش رفت میں سست روی پر پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کیفوکل پرسن کی سرزنش کرتے ہوئے ہدایت کی کہ ڈویژن کے نو مواضعات کے کیسز کو 15 مئی تک کلیئر کیا جائے۔ اجلاس میں موضع ڈیجیٹائزیشن اور انتقال پراسیس پرائے ڈی سی آرز کو ہدایت کی کہ کھیوٹ، انتقالات اور دیگر ریونیو واجبات کی وصولی کے روزانہ ریونیو افسران کیا جلاس کریں اور پیش رفت سے آگاہ رکھیں۔اس موقع پر کمشنر نے کہا کہ واجبات کی وصولی ریونیو افسران کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔عوامی کیسز کو بروقت اور شفاف حل کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے چاروں اضلاع میں ویلیو ٹیبل ریٹس کو 10 دن کے اندر موجودہ مارکیٹ ریٹس کے مطابق حتمی شکل دینے کا حکم دیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایک ہفتے تک تمام ریونیو افسران کو سسٹم پر مکمل تربیت دی جائے گی۔ زرعی ٹیکس اور واٹر ریٹس کی وصولی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کمشنر نے فوری اور موثر اقدامات کی ہدایت کی۔انہوں نے تقسیم کے کیسز کو دو ماہ کے اندر ہر صورت نمٹانے کا حکم دیا۔اجلاس میں اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام کا جائزہ لیا گیا، جس کے تحت سرگودھا ضلع میں سب سے زیادہ اراضی کی نشاندہی کی گئی ہے۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ جن اضلاع میں الاٹمنٹ ہو وہاں فوری قبضہ بھی فراہم کیا جائے تاکہ کسانوں کو بروقت ریلیف مل سکے۔کمشنر نے بعض امور پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ ریونیو نظام میں شفافیت اور عوامی ریلیف حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 42

جبکہ مساجد سے بروقت مارکیٹ بندش کے اعلانات کرائے گئے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق سپر سٹورز اور ہاؤسنگ سوسائٹیز کو رضاکارانہ تعمیل کے لیے آگاہ کیا گیا جبکہ خلاف ورزی کرنے پر ماڈل ٹاؤن میں 963 انسپکشنز کے دوران 44 دکانیں سیل اور 3 لاکھ 90 ہزار جرمانہ بھی کیا گیا۔دیگر کارروائیوں میں نشتر میں 900 انسپکشنز کے دوران 20 خلاف ورزیوں پر سیلنگ کی گئی، راوی میں 670 انسپکشنز، 19 دکانیں سیل، لاری اڈا میں 5 املاک سیل، شالیمار میں 610 انسپکشنز، 29 مراکز سیل اور 85 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔تحصیل سٹی میں 520 انسپکشنز کے دوران 43 دکانیں سربمہر، علامہ اقبال ٹاؤن میں 32 املاک سیل اور 2 لاکھ 10 ہزار جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ واہگہ میں 423 انسپکشنز، 14 دکانیں سربمہر سیل کی گئیں۔

بقیہ 43

لاشاری نے الزام عائد کیا کہ جعفری برادری سے تعلق رکھنے والے غلام نبی عرف منڈھو، علی نواز عرف ساتھی، نور نبی، صادق، گل حسن اور پولیس اہلکار شاہنواز اور نیاز جعفری نے ان پر حملہ کیا۔ ان کے مطابق ملزمان نے لاٹھیوں اور کلاشنکوف کے ذریعے فائرنگ کرتے ہوئے تشدد کیا جس کے نتیجے میں کئی افراد زخمی ہو گئے۔انہوں نے بتایا کہ زخمیوں میں میر خان، رفیق، انعام، گل حسن اور ابوبکر شامل ہیں جنہیں تشویشناک حالت میں لاڑکانہ ٹراما سینٹر منتقل کیا گیا، جہاں ایک زخمی کی حالت نازک بتائی جا رہی ہے۔متاثرہ افراد کا کہنا ہے کہ واقعے کو چار روز گزر چکے ہیں مگر تا حال پولیس نے ایف آئی آر درج نہیں کی۔ ان کا الزام ہے کہ شبیر آباد تھانے کا انچارج اعلیٰ حکام کے احکامات کو نظر انداز کر رہا ہے، حالانکہ ون فائیو انچارج کی جانب سے یقین دہانی کرائی گئی تھی۔مظاہرین کا کہنا تھا کہ وہ غریب لوگ ہیں اور انہیں انصاف سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے ڈی آئی جی لاڑکانہ اور ایس ایس پی کشمور سے مطالبہ کیا کہ فوری نوٹس لے کر ایف آئی آر درج کی جائے اور ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔مظاہرین نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو وہ ڈی آئی جی لاڑکانہ آفس کے سامنے مزید سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔

بقیہ 44

جانب بلیو ایریا روڈ بند رہا۔اسلام آباد ٹریفک پولیس نے کہا کہ فیصل چوک سے ٹریل 3 تک مارگلہ روڈ ٹریفک کے لیے بند رہے گی، ایکسپریس وے زیرو پوائنٹ سے کورال چوک تک ٹریفک کے لیے بند رہنے کا بتایا گیا۔اسلام آباد ٹریفک پولیس کے مطابق (آج 12 اپریل اتوار کو بھی اسلام آباد میں ہیوی ٹریفک کا داخلہ بند ہوگا۔ انہوں نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ جی ٹی روڈ پشاور سے راولپنڈی آنے والے ٹیکسلا موٹروے، چکری، چک بیلی روڈ اور روات روڈ استعمال کریں۔ جی ٹی روڈ لاہور سے پشاور جانے والے شہری روات، چک بیلی روڈ، چکری، ٹیکسلا موٹروے استعمال کریں، فیصل ایونیو سے زیرو پوائنٹ آنے جانے والی ٹریفک 9th ایونیو کی طرف موڑ دی جائے گی۔ بھارہ کہو سے راولپنڈی آنے جانے والے کورنگ روڈ، بنی گالہ، لہتراڑ روڈ اور جی ٹی روڈ استعمال کریں، پشاور سے لاہور جانے والے ٹیکسلا موٹروے اور ترنول پھاٹک سے فتح جنگ موٹروے استعمال کریں۔ٹریفک پولیس نے بتایا کہ لاہور جی ٹی روڈ سے اسلام آباد جانے والی ہیوی ٹریفک چک بیلی روڈ سے چکری موٹروے استعمال کرے۔

بقیہ 45

عبدالرشید، سابق ہوسی چیئرمین شیخ ندیم خاور اور ملک تاج طارق اور دیگر بھی سیاسی و سماجی شخصیات موجود تھیں۔

بقیہ 46

عبدالرشید، سابق ہوسی چیئرمین شیخ ندیم خاور اور ملک تاج طارق اور دیگر بھی سیاسی و سماجی شخصیات موجود تھیں۔

بقیہ 47

باکس، 31 عدد انار، 61 عدد سوتر گولے، 3 عدد ہوائیاں اور سینکڑوں کی تعداد میں جلیدہ اناروں کے خول، سوتر گولے بھی برآمد ہوئے، زیر حراست افراد کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، ایس پی راول سعد ارشد کا کہنا تھا کہ آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 48

7 قمار بازوں کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے داؤ پر لگی رقم 1 لاکھ 34 ہزار 770 روپے، 10 موبائل فون اور گھڑیاں برآمد ہوئیں، موقعہ سے 4 موٹر سائیکل بھی قبضہ پولیس میں لیے گئے ہیں، ایس پی راول سعد ارشد کا کہنا تھا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے، قمار بازی میں ملوث افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 49

بازی اور 5 عدد گاڑیاں قبضہ پولیس میں لے لی گئیں، زیر حراست افراد کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے حراست میں لے لیا، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ آتش بازی اور ساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے شہریوں کے آرام میں خلل پیدا کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچیں گے۔

بقیہ 50

کر کے حکومتی احکامات کی خلاف ورزی کی جا رہی تھی جس پر کارروائی کرتے ہوئے انہیں جرمانے کیے گئے اور متنبہ کیا گیا کہ ون ڈش پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے اور حکومتی قوانین کی خلاف ورزی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور ایسے عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔

بقیہ 51

جارجیا، آذربائیجان، ترکمانستان اور تاجکستان کے راستے پاکستان پہنچا۔ جے ڈی وینس کا طیارہ 10 بجے چترال کے قریب سے پاکستانی فضائی حدود میں داخل ہوا، پاکستان کی فضائی حدود میں ائیر فورس کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا اور خصوصی طیارے نے صبح دس بجکر 33 منٹ پر نور خان ائیر بیس پر لینڈ کیا۔قبل ازیں امریکی نائب صدر کے طیارے نے مشرق وسطیٰ ممالک کی فضا کو نظر انداز کر کے طویل راستہ اختیار کیا اور میری لینڈ سے روانگی کے بعد طیارے نے پیرس میں ڈھائی گھنٹے اسٹاپ اوور کیا۔

بقیہ 52

سکنہ کلاس دیپالپور کے ناموں سے ہوئی ہے جبکہ زخمی کی شناخت نسیم ولد ارشاد عمر تقریباً 30 سال کے طور پر ہوئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق نعشوں اور زخمی کو ضروری کارروائی کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ متعلقہ حکام نے کہا کہ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے مزید تحقیقات جاری ہیں جبکہ شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ ٹریفک قوانین کی پابندی کو یقینی بنائیں تاکہ ایسے افسوسناک واقعات سے بچا جا سکے۔

بقیہ 53

پر منانے کا اعلان کیا اس سلسلے میں انجمن مزارعین، کسان بورڈ، پاکستان کسان اتحاد، فارمرز ایسوسی ایشن اور فیصل آباد سمیت ملک بھر میں سماجی تنظیموں کے زیراہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین مزارعین کو درپیش مسائل، مشکلات اور بنیادی سہولتوں کے حوالے سے آگاہی فراہم کریں گے۔ماہرین کے مطابق کسان کسی بھی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں اور ان کی فلاح و بہبود کے بغیر ترقی ممکن نہیں۔ پاکستان سمیت دنیا کے کئی ممالک میں مزارعین کو متعدد چیلنجز کا سامنا ہے جن کے حل کے لیے حکومتی اقدامات ناگزیر ہیں۔ یہ دن ہمیں کسانوں کی محنت کا اعتراف کرنے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے آواز بلند کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

بقیہ 54

والی "انٹرنیشنل ایمچر ریڈیو یونین (IARU)" کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ IARU نے دنیا کے مختلف ممالک میں موجود لاکھوں شوقیہ ریڈیو آپریٹرز کو ایک عالمی پلیٹ فارم فراہم کیا، تاکہ وہ صرف تفریح ہی نہیں بلکہ ایمرجنسی حالات میں بھی فعال کردار ادا کر سکیں۔ شوقیہ ریڈیو آپریٹرز، جنہیں عام طور پر "ہیم ریڈیو آپریٹرز" (Ham Radio Operators) کہا جاتا ہے، وہ افراد ہوتے ہیں جو مخصوص تکنیکی تربیت حاصل کر کے ریڈیو فریکوئنسی کے ذریعے دنیا بھر سے رابطہ کرتے ہیں۔ وہ قدرتی آفات، جنگی حالات یا دیگر بحرانوں کے دوران اس وقت بھی مواصلات قائم رکھتے ہیں جب تمام جدید ذرائع ناکام ہو جاتے ہیں۔یہ دن دنیا بھر میں ریڈیو کمیونٹی کے افراد مختلف سرگرمیوں کے ذریعے مناتے ہیں جن میں خصوصی نشریات، ٹیکنیکل ورکشاپس، مقابلے، نمائشیں اور آگاہی پروگرام شامل ہوتے ہیں۔ کئی ممالک میں ریڈیو کلبس کے ذریعے نوجوانوں کو اس فیلڈ سے روشناس کرایا جاتا ہے تاکہ وہ اس دلچسپ اور انسانیت دوست میدان کا حصہ بن سکیں۔ پاکستان میں بھی شوقیہ ریڈیو کا ایک فعال نیٹ ورک موجود ہے جس نے ماضی میں زلزلہ، سیلاب یا دیگر قدرتی آفات کے دوران ہنگامی حالات میں اہم معلومات کی ترسیل میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ ان کی خدمات اکثر پس منظر میں رہ جاتی ہیں لیکن عالمی یوم شوقیہ ریڈیو ان ہی گمنام ہیروز کی یادگار بن گیا ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل دور کے باوجود ریڈیو کا کردار آج بھی اہم ہے، خصوصاً وہ ریڈیو جو بغیر انٹرنیٹ اور بجلی کے بھی دنیا سے رابطے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

بقیہ 55

صبح آٹھ بجکر 47 منٹ پر میری لائن کے کیمپ اسپرنگ بیس سے روانہ ہوا۔ سی 32 اے طیارہ 14 گھنٹے 20 منٹ کا سفر طے کر کے میری لینڈ سے اسلام آباد پہنچا، اس دوران طیارے نے ڈھائی گھنٹے پیرس میں قیام بھی کیا۔دوسری جانب طیارے نے نارمل روٹ سے سفر نہیں کیا بلکہ مشرق وسطیٰ کے ممالک کی فضائی حدود کو نظر انداز کیا، طیارہ جارجیا، آذربائیجان اور ترکمانستان سمرقند سے ہوتے ہوئے تاجکستان پہنچا۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان کی طویل فضائی حدود کو نظر انداز کرتے ہوئے طیارہ 10 بجے چترال کے قریب سے پاکستانی فضائی حدود میں داخل ہوا، پاکستانی فضائی حدود میں امریکی طیارے کا ائیر فورس کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا، امریکی ائیر فورس کے سی 32 اے طیارے نے 10:33 بجے نور خان ائیر بیس پر لینڈ کیا۔

بقیہ 56

صاحب لایا گیا۔سکھ یاتریوں کی آمد پر سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے، بھارتی سکھ یاتری ننکانہ صاحب میں 3 روز قیام کریں گے۔

بقیہ 58

پولیس نے تشدد کی سی سی ٹی وی فوٹیج کا نوٹس لیکر زخمی بچے کی ماں کی مدعیت میں وقوعہ کا مقدمہ درج کر کے ظالم ملزم سجاد کو گرفتار کر لیا اور شواہد کی روشنی میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 59

لئے کلیدی کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ کے فضل وکرم سے وہ دن دور نہیں جب تہاڑ جیل کے دروازے کھلیں گے اور ان کے شوہر یاسین ملک سمیت تمام کشمیری قیدی اور فلسطینی بھائی آزاد ہوں گے۔ مشعال حسین ملک عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ خطے میں پائیدار امن کے لئے اپنا کردار ادا کرے اور کشمیری عوام کو ان کا حق خود ارادیت دلانے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرے۔

بقیہ 60

کرتے ہوئے مقابلہ جاری رکھا، پولیس کی مزید نفری پہنچ گئی، پولیس کی کارروائی میں چاروں ڈاکو موقع پر مارے گئے جبکہ تین فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس حکام نے بتایا کہ مارے گئے ڈاکوؤں کی لاشوں کو ضروری کارروائی کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ فرار ہونے والے ڈاکوؤں کو پکڑنے کیلئے بھی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 61

جس پر ملزم تشدد بند کرتا ہے۔تشدد کا نشانہ بننے والے بچے کی ماں نے ملزم سے دوسری شادی کی ہوئی ہے، یہ افسوسناک واقعہ جمعرات کو پیش آیا۔

بقیہ 62

پارکنگ) سے روانہ ہوگی۔ حکام نے میڈیا نمائندگان کو شٹل میں سوار ہونے سے قبل جناح کنونشن سنٹر کیلئے جاری کردہ خصوصی ایکسس کارڈ اپنے ہمراہ رکھنے کی ہدایت کی۔ مزید معلومات کیلئے متعلقہ حکام سے رابطے کی سہولت بھی فراہم کی گئی۔ وزارت اطلاعات و نشریات کے تحت اس اقدام کو میڈیا کی آسانی اور بہتر کوریج کیلئے اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے۔

پاکستان سہولت کار کا کردار ادا کر رہا ہے، پاکستانی سفیر

تصفیہ طلب معاملات کے حل کی ذمہ داری فریقین کی ہے، جنگ بندی اور مذاکراتی عمل سے متعلق اعلیٰ سطح پر سفارتی کوششیں جاری تھیں

سفارت کاری کے عمل میں پاکستان کو سعودی عرب، مصر، ترکیے اور دیگر شراکت داروں کی معاونت حاصل رہی، رضوان سعید شیخ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان سہولت کار کا کردار ادا کر رہا ہے، تصفیہ طلب معاملات کے حل کی ذمہ داری فریقین کی ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے سے حالیہ جنگ بندی اور اسلام آباد میں جاری مذاکراتی عمل کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جنگ بندی اور مذاکراتی عمل سے متعلق اعلیٰ سطح پر سفارتی کوششیں جاری تھیں، پاکستان نے اپنی دیرینہ مثبت روایت کو برقرار رکھتے ہوئے سفارتی کوششیں سرانجام دیں۔ رضوان سعید شیخ نے کہا کہ سفارت کاری کے عمل میں پاکستان کو (بقیہ نمبر 29)

حضرت لعل شہباز قلندر کے مزار کی نذرانے کی پیٹیاں کھول دی گئیں

نذرانے کی پیٹیوں سے 2 کروڑ 38 لاکھ 78 ہزار 750 روپے نکلے

سیہون (این این آئی) سیہون میں واقع حضرت لعل شہباز قلندر کے مزار کی نذرانے کی پیٹیاں کھول دی گئیں۔ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف مختیار ابڑو کے مطابق نذرانے کی پیٹیاں 8 ماہ 14 دن بعد کھولی گئیں جن کی 4 روزہ گنتی کی گئی۔ مختیار ابڑو نے کہا کہ نذرانے کی پیٹیوں سے 2 کروڑ 38 لاکھ 78 ہزار 750 روپے نکلے، نذرانے کی پیٹیوں سے سونا اور (بقیہ نمبر 30)

لاہور: سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ بادشاہی مسجد میں قائم نوتعمیر شدہ اقبال ہال میں منعقدہ تعلیمات علامہ اقبال کی پہلی کانفرنس کے دوران شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

8 افراد کو حراست میں لے کر شراب و اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 8 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 8 افراد کو حراست میں لے کر 50 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ بنی، کلر سیداں، صادق آباد، کینٹ، ٹیکسلا (بقیہ نمبر 31)

2 منشیات سپلائر گرفتار کر کے ساڑھے 3 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 2 منشیات سپلائر گرفتار کر کے ساڑھے 3 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 858 گرام چرس برآمد کی، چونترہ پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 669 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

ایران بے اعتمادی کے ماحول میں مذاکرات میں شامل ہو رہا ہے

بے اعتمادی کی وجہ امریکا کی وعدہ خلاف ورزی اور سفارتی دھوکا دہی ہے، عباس عراقچی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران بے اعتمادی کے ماحول میں مذاکرات میں شامل ہو رہا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کی جرمن ہم منصب یوان (بقیہ نمبر 32)

بیرون ملک نوکری کا جھانسہ دیکر لاکھوں بٹورنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے نے شہری کو یو کے ورک ویزہ کا جھانسہ دیکر 17 لاکھ سے زائد رقم بٹورنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے انسداد انسانی سمگلنگ سرکل لاہور نے مائیگرنٹ سمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث اشتہاری ملزم کو چھاپہ مار کارروائی میں گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم نبیل وارث نے شہری کو یو کے ورک ویزہ کا جھانسہ دے کر 17 لاکھ (بقیہ نمبر 34)

جنگ بندی کیلئے پاکستانی سفارتی کوششیں قابل قدر ہیں

جنگ رکوانے میں وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے کلیدی کردار ادا کیا ہے، شاہدہ قدیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کی سینئر رہنما شاہدہ قدیر نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ جنگ بندی کیلئے پاکستانی سفارتی کوششیں قابل قدر ہیں، جنگ رکوانے میں وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کلیدی کردار ادا کیا ہے، پاکستان کی سفارتکاری کا بنیادی مقصد خطے کو کسی بڑے تصادم (بقیہ نمبر 33)

وزیراعظم شہباز شریف نے تاریخی اسلام آباد مذاکرات کے موقع پر امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا وزیراعظم ہاؤس میں استقبال کیا

امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کامیاب ہونگے، چیئرمین سینٹ

دنیا کے سامنے پاکستان کی قدر میں اضافہ ہوگا، سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ ملک کا قیمتی اثاثہ تھے، سید یوسف رضا گیلانی

چیئرمین سینٹ کی ڈیرہ غازی خان آمد، سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کی وفات پر انکے اہلخانہ سے اظہار تعزیت، مرحوم کیلئے فاتحہ خوانی

ڈیرہ غازی خان (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ دنیا کی سپر پاور امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کامیاب ہوں گے اور دنیا کے سامنے پاکستان کے قدر میں مزید اضافہ ہوگا، سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ ملک کا قیمتی اثاثہ تھے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز کھوسہ ہاؤس میں سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ کی وفات پر تعزیت کے موقع پر میڈیا سے (بقیہ نمبر 35)

چوری کی وارداتوں کیلئے بچے کا استعمال کرنیوالے میاں بیوی گرفتار

گرفتار میاں بیوی سابقہ ریکارڈ یافتہ نکلے، متعدد وارداتوں میں ملوث ہیں، پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے چوری کی وارداتوں کیلئے بچے کا استعمال کرنے والے میاں بیوی کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کو کو سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے گرفتار کیا گیا، میاں بیوی بند گھروں کیتالے توڑ کر چوری کی وارداتیں کرتے۔ گرفتار میاں بیوی سابقہ ریکارڈ یافتہ نکلے، متعدد وارداتوں میں ملوث ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان نیچوری کی 7 وارداتوں کا اعتراف بھی کیا، ملزمان کیقبضہ سے چوری شدہ سامان و نقدی برآمد کر لیا گیا، (بقیہ نمبر 36)

سعودی وزیر خزانہ محمد بن عبداللہ الجد عان کا دورہ پاکستان مکمل

واشنگٹن میں مالیاتی اجلاسوں میں سعودی ہم منصب سے دوبارہ ملاقات کی خواہش کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) سعودی وزیر خزانہ محمد بن عبداللہ الجد عان دورہ پاکستان مکمل کر کے واپس چلے گئے۔ وزارت خزانہ کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے گزشتہ رات اسلام آباد ایئرپورٹ پر سعودی وزیر خزانہ کو رخصت کیا۔ ملاقات کے حوالے سے جاری ہوئے اعلامیے کے مطابق دونوں وزرائے خزانہ نے خوش گوار تبادلہ خیال کیا، دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط دو طرفہ تعلقات اور جاری اقتصادی تعاون (بقیہ نمبر 38)

معمولی تلخ کلامی پر دو گھروں کے درمیان جھگڑا، نوجوان جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں معمولی تلخ کلامی پر دو گھروں کے درمیان جھگڑا میں نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا گجرات روڈ کے علاقہ سالم میں معمولی تلخ کلامی پر دو گھروں کے درمیان میں جھگڑا نوجوان طارق محمود جاں بحق ہو گیا جس کا تعلق غریب گھرانے سے بتلایا جا رہا ہے جس کی نعش کو پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر (بقیہ نمبر 37)

لاہور ہائیکورٹ کے 2 سینئر ججز رواں ماہ ریٹائرڈ ہوں گے

جسٹس شجاعت علی خان 22 اپریل، جسٹس اسجد جاوید گھرال 29 اپریل کو ریٹائرڈ ہونگے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے دو سینئر ججز رواں ماہ ریٹائرڈ ہو جائیں گے، جس کے بعد عدالت میں ججز کی تعداد مزید کم ہو جائے گی۔ ریٹائر ہونے والے ججز میں جسٹس شجاعت علی خان اور جسٹس اسجد جاوید گھرال شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق جسٹس شجاعت علی خان 22 اپریل کو ریٹائرڈ ہوں گے۔ وہ 27 مارچ 2012ء کو (بقیہ نمبر 39)

پاکستان کا تعمیری مذاکرات و دیرپا حل کیلئے سہولت کاری جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان تعمیری مذاکرات و دیرپا حل کیلئے سہولت کاری جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایران کے بعد امریکا کا بھی اعلیٰ سطحی وفد اسلام آباد ٹاکس میں شرکت کے لیے اسلام آباد پہنچا۔ پاکستان کی وزارت خارجہ کے مطابق امریکی وفد کی قیادت امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کر رہے تھے جبکہ اس وفد میں خصوصی (بقیہ نمبر 40)

فیسکو کو سرکاری اراضی کی منتقلی، ویلیو ٹیبل پر عمل درآمد

ریونیو کورٹ مینجمنٹ سسٹم، پنجاب لینڈ ریونیو آرڈیننس 2016 پر عمل درآمد، اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام، سرکاری ویونیو واجبات کی وصولی جیسے چھ نکاتی اہم امور پر تبادلہ خیال

اے ڈی سی آر ایک ہفتے کے اندر تمام ریکارڈ کی چھان بین مکمل کر کے رپورٹ کریں، کمشنر سرگودھا کی ہدایت

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں فیسکو کو سرکاری اراضی کی منتقلی، ویلیو ٹیبل پر عمل درآمد، ریونیو کورٹ مینجمنٹ سسٹم، پنجاب لینڈ ریونیو آرڈیننس 2016 پر عمل درآمد، اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام، اور سرکاری وریونیو واجبات کی وصولی جیسے چھ نکاتی اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فیسکو کو سرگودھا ڈویژن میں 10 سرکاری جائیدادیں سرگودھا کی چھ اور بھکر کی چار پراپرٹیز منتقل کی جا رہی ہیں جس پر کمشنر حافظ شوکت علی نے ہدایت کی کہ اے ڈی سی آر ایک ہفتے کے اندر تمام ریکارڈ کی چھان بین مکمل کر کے رپورٹ کریں۔ کمشنر (بقیہ نمبر 41)

وزیراعلیٰ کی کفایت شعاری ہدایات پر عملدرآمد، سینکڑوں دکانیں سیل

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ کی کفایت شعاری ہدایات پر عملدرآمد جاری ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ڈپٹی کمشنر لاہور کی قیادت میں آپریشن میں سینکڑوں دکانیں سیل کر دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈی سی لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی قیادت میں اسسٹنٹ کمشنرز، پیرا اور ریونیو فیلڈ سٹاف نے مشترکہ کارروائیاں کیں، ماڈل ٹاؤن، نشتر، راوی، شالیمار، سٹی، واہگہ، اقبال میں خلاف ورزیوں پر ایکشن لیا گیا (بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی سکنہ ڈھوک چوہدریاں کی رہائشی پروین بی بی اپنے گمشدہ بچے کی بازیابی کے لئے پریس کانفرنس کر رہی ہیں

راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائیاں، زیر حراست افراد سے برآمد ہونے والی چرس

کشمور: مبینہ حملے کے خلاف لاشاری برادری کا احتجاج

مظاہرین کا ایف آئی آر درج نہ ہونے پر انصاف کا مطالبہ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ کے نواحی گاؤں میر مہرا خان بجارانی سے تعلق رکھنے والے فقیر نیاز محمد لاشاری سندھ پریس کلب تعلقہ کندھکوٹ پہنچ گئے جہاں انہوں نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ احتجاج ریکارڈ کرایا۔ اس موقع پر مظاہرین نے پولیس کے خلاف شدید نعرے بازی بھی کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فقیر نیاز محمد (بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، مختلف اوقات میں ٹریفک ڈائیورشن پلان ترتیب

ریڈزون اور توسیعی ریڈزون مکمل طور پر بند رہنے کا بتایا گیا، اسلام آباد ٹریفک پولیس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں مختلف اوقات میں ٹریفک ڈائیورشن پلان ترتیب دیا گیا ہے، ریڈزون اور توسیعی ریڈزون مکمل طور پر بند رہنے کا بتایا گیا۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس نے کشمیر چوک کلب روڈ سے سرینگر ہائی جانب زیرو پوائنٹ بند جبکہ سرینگر ہائی وے، زیرو پوائنٹ سے جانب سرینا چوک بند رہنے کا بتایا۔ ٹریفک پولیس نے بتایا کہ شکرپڑیاں روڈ، چاند تارہ چوک سے جانب سیونتھ ایونیو بند رہا، جناح ایونیو، خیابان چوک سے (بقیہ نمبر 44)


لاہور: سابق وزیراعلیٰ حمزہ شہباز شریف پیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پروفیسر ڈیوڈ کک کی ارم حامد حمید اور چوہدری حامد حمید سے ملاقات

معاشی ترقی، تعلیم، انکیوبیشن سینٹرز کے قیام، زرعی ٹیکنالوجی کی منتقلی

آسٹریلوی جامعات کیساتھ تعلیمی تعاون کے فروغ جیسے امور پر تبادلہ خیال

سرگودھا (این این آئی) بیرون ملک آسٹریلیا سے پاکستان آئے پروفیسر ڈیوڈ کک نے گزشتہ روز سرگودھا آمد پر مسلم لیگ ن کی خاتون رکن قومی اسمبلی ارم حامد حمید اور ان کے شوہر سابق معاون خصوصی وزیراعظم چوہدری نائب صدر مسلم لیگ ن پنجاب چوہدری حامد حمید سے ان کی رہائش گاہ بلاک 25 پر ملاقات کی اور معاشی ترقی، تعلیم، انکیوبیشن سینٹرز کے قیام، زرعی ٹیکنالوجی کی منتقلی، اور آسٹریلوی جامعات کے ساتھ تعلیمی تعاون کے فروغ جیسے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ یاد رہے کہ مہمان پروفیسر ڈیوڈ کک آسٹریلیا میں زرعی شعبے میں آئی سی ٹی کے صدر ہیں جنہوں نے باہمی تعاون کے مختلف مواقع پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ اس ملاقات میں ڈاکٹر مہر محسن رضا، پروفیسر ڈاکٹر منیر گجر، سابق کونسلر چوہدری (بقیہ نمبر 45)

شادی تقریب میں آتش بازی کرنے والے 12 افراد گرفتار

آتشی مواد برآمد، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائیگا

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے شادی کی تقریب میں آتش بازی کرنے والے 12 افراد گرفتار کر کے 7 عدد جائنٹ باکس، 31 عدد انار، 61 عدد سوتر گولے، 3 عدد ہوائیاں اور سینکڑوں کی تعداد میں چلیدہ اناروں کے خول، سوتر گولے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے شادی کی تقریب میں آتش بازی کرنے والے 12 افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے 7 عدد جائنٹ (بقیہ نمبر 47)

بانی صدر تنظیم المدارس و مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ سید ابوالبرکات سید احمد قادری کے یوم وصال پر محفل ذکر اور قرآن خوانی کے بعد پیر سید مصطفیٰ اشرف رضوی، پیر سید اویس شاہ زنجانی و دیگر دعا کر رہے ہیں

گنجمنڈی پولیس نے جوئے کی محفل الٹ دی، 7 قمار باز گرفتار

داؤ پر لگی رقم، موبائل گھڑیاں، چار موٹر سائیکل قبضے میں لے لئے

راولپنڈی (این این آئی) گنجمنڈی پولیس نے تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے 7 قمار باز گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 1 لاکھ 34 ہزار 770 روپے، 10 موبائل فون اور گھڑیاں برآمد کر لیں جبکہ موقع سے 4 موٹر سائیکل بھی قبضہ میں لے لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے (بقیہ نمبر 48)

پولیس اہلکار مارکیٹیں رات 8 بجے بند کروانے کے احکامات پر عملدرآمد کے لئے باغبانپورہ بازار میں پٹرولنگ کر رہے ہیں

آتش بازی وساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی، 24 افراد گرفتار

2 سپیکر، میوزک میکر و مکسر، سامان آتش بازی اور 5 عدد گاڑیاں قبضہ پولیس میں لے لی گئیں

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ صدر بیرونی پولیس نے شادی تقریب میں آتش بازی وساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی پر 24 افراد گرفتار کر لیا جبکہ موقع سے 2 سپیکر، میوزک میکر و مکسر، سامان آتش بازی اور 5 عدد گاڑیاں قبضہ پولیس میں لے لیں۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر بیرونی پولیس نے شادی کی تقریب میں آتش بازی وساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 24 افراد کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے موقعہ سے 2 سپیکر، میوزک میکر و مکسر، سامان آتش (بقیہ نمبر 49)

ون ڈش کی خلاف ورزی پر میرج ہالز کو دو لاکھ روپے جرمانہ

ون ڈش پالیسی پر سختی سے عمل درآمد کا حکم، خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائیگی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا تقریبات میں ون ڈش کی خلاف ورزی پر میرج ہالز کو دو لاکھ روپے جرمانہ کر کے ون ڈش پالیسی پر سختی سے عمل درآمد کا حکم دے دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا تقریبات میں ون ڈش کی خلاف ورزی پر اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف میرج ہالز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو لاکھ روپے جرمانہ کر دیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے بتایا کہ اچانک چیکنگ کے دوران بعض مقامات پر ایک سے زائد ڈشز پیش (بقیہ نمبر 50)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

امریکی نائب صدر کا مذاکرات کیلئے پاکستان پہنچنے پر تپاک استقبال

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے امریکی نائب صدر کا استقبال کیا

امریکی نائب صدر کے طیارے کا خصوصی طیارہ جارجیا، آذربائیجان، ترکمانستان اور تاجکستان کے راستے پاکستان پہنچا

اسلام آباد (این این آئی) ایران سے جامع جنگ بندی مذاکرات کیلئے امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ ہفتہ کو جے ڈی وینس کے ہمراہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مشیر اسٹیو وٹکوف اور داماد جیرڈ کشنر بھی اسلام آباد پہنچے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے امریکی نائب صدر کا استقبال کیا۔ امریکی نائب صدر کے طیارے نے طویل افغان کی فضائی حدود استعمال نہیں کی، ان کا خصوصی طیارہ (بقیہ نمبر 51)

ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا گنڈا اسگھ والا میں بچوں کو قطرے پلا کر پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر رہے ہیں

دشمنی پر 2 گروپوں میں فائرنگ، 4 افراد جاں بحق ہو گئے

خیر پور (این این آئی) خیر پور میں پرانی دشمنی پر 2 گروپوں میں فائرنگ سے 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ خیر پور کے قریب رانی پور میں پیش آیا۔ جاں بحق ہونے والوں میں ایک خاتون بھی شامل ہیں۔ واقعہ میں 6 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

حجرہ شاہ مقیم، ٹریلر موت بن گیا، ماں باپ جاں بحق، بیٹا زخمی

گاؤں 49 ٹو ایل کے قریب دیپالپور روڈ پر افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) گاؤں 49 ٹو ایل کے قریب دیپالپور روڈ پر افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا جہاں تیز رفتار ٹریلر نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار میاں بیوی موقع پر جاں بحق جبکہ ان کا بیٹا شدید زخمی ہو گیا۔ جاں بحق افراد کی شناخت ارشاد ولد آگرہ عمر تقریباً 52 سال اور صاحب بی بی زوجہ ارشاد عمر تقریباً 65 سال (بقیہ نمبر 52)

دنیا بھر میں مزارعین کے حقوق کا عالمی دن 18 اپریل کو منایا جائے گا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مزارعین کے حقوق کا عالمی دن 18 اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد زمین کا سینہ چیر کر فصلیں کاشت کرنے والے مزارعین کے حقوق کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے۔ یہ دن 1996 میں برازیل میں پیش آنے والے ایک افسوسناک واقعے کی یاد میں منایا جاتا ہے جہاں زمین کے حقوق کے لیے احتجاج کرنے والے کسانوں پر فائرنگ کی گئی تھی جس میں متعدد افراد جاں بحق ہوئے تھے، اس کے بعد عالمی تنظیم لا ویا کیمپسینا نے اس دن کو کسانوں کے عالمی دن کے طور (بقیہ نمبر 53)

عالمی یوم شوقیہ ریڈیو ڈے 18 اپریل کو منایا جائے گا

رابطوں میں کردار ادا کرنے والے ریڈیو آپریٹرز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا

راولپنڈی (این این آئی) ہر سال 18 اپریل کو دنیا بھر میں عالمی یوم شوقیہ ریڈیو (International Amateur Radio Day) نہایت جذبے سے منایا جاتا ہے اس دن کو منانے کا بنیادی مقصد شوقیہ ریڈیو آپریٹرز کی ان خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا ہے، جو امن و آشتی، ایمرجنسی مواصلات، اور عالمی رابطوں کے فروغ میں خاموش لیکن موثر کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ دن 1925 میں پیرس میں قائم ہونے (بقیہ نمبر 54)

جے ڈی وینس کا خصوصی طیارہ ساڑھے 3 گھنٹے تاخیر سے اسلام آباد پہنچا

طیارے کو ایک اسٹاپ اوور کرتے ہوئے امریکا سے 15 گھنٹے میں منزل پر پہنچنا تھا، ایوی ایشن ماہرین کا بیان

طیارے نے مشرق وسطیٰ کے ممالک کی فضائی حدود کو نظر انداز کیا، طیارہ جارجیا، آذربائیجان اور ترکمانستان سمرقند سے ہوتے ہوئے تاجکستان پہنچا، رپورٹ

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی سپورٹس بورڈ پنجاب کی گریڈ ٹو ٹیم کے لئے نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں ہونے والے ٹرائلز کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ایران سے جنگ بندی مذاکرات کیلئے پاکستان آنیوالے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا خصوصی طیارہ اعلان کردہ وقت سے ساڑھے 3 گھنٹے تاخیر سے اسلام آباد پہنچا۔ تفصیلات کے مطابق امریکی وفد نے ہفتہ کی صبح 7 بجے اسلام آباد پہنچنا تھا مگر پرواز کی آمد میں ساڑھے 3 گھنٹے تاخیر ہوئی۔ ایوی ایشن ماہرین کے مطابق طیارے کو ایک اسٹاپ اوور کرتے ہوئے امریکا سے 15 گھنٹے میں منزل پر پہنچنا تھا، طیارہ پاکستانی وقت شام پانچ بجکر 47 منٹ اور امریکی وقت (بقیہ نمبر 55)

وساکھی میلہ میں شرکت کیلئے سکھ یاتری گوردوارہ جنم استھان پہنچ گئے

خصوصی بسوں کے ذریعے ننکانہ صاحب لایا گیا، سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات

ننکانہ صاحب (این این آئی) وساکھی میلہ میں شرکت کیلئے 2238 بھارتی سکھ یاتری گوردوارہ جنم استھان پہنچ گئے۔ بھارتی سکھ یاتری جتھہ اپنے لیڈر سردار سرجیت سنگھ کی قیادت میں گوردوارہ جنم استھان پہنچے، سکھ یاتریوں کو خصوصی بسوں کے ذریعے ننکانہ (بقیہ نمبر 56)

سوتیلے باپ پر کمسن بچے کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنا ڈالا

سرگودھا (این این آئی) سوتیلے باپ پر کمسن بچے کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنا ڈالا جس کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ پولیس نے وقوعہ کا مقدمہ درج کر کے ظالم ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ کلورکوٹ میں سوتیلے باپ سجاد نے ہوٹل پر کمسن بیٹے کو زمین پر گرا کر لاتوں سے وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنا ڈالا جس کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا بچے کی ماں نے شوہر سے دوسری شادی کر رکھی تھی۔ (بقیہ نمبر 58)

جنگ بندی صرف ایک سفارتی کامیابی نہیں بلکہ انسانیت کی فتح ہے

پاکستان نے خطے میں امن کے قیام کے لئے کلیدی کردار ادا کیا ہے، مشعال ملک

اسلام آباد (این این آئی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال حسین ملک نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی صرف ایک سفارتی کامیابی نہیں بلکہ انسانیت کی فتح ہے جو پاکستان کی غیر معمولی عسکری اور تزویراتی قیادت کی مرہون منت ہے۔ مشعال ملک نے ایک ویڈیو پیغام میں ریاست پاکستان اور پاک فوج کے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے خطے میں امن کے قیام کے (بقیہ نمبر 59)

مسافر بس کو لوٹنے والے 4 ڈاکو مقابلے میں ہلاک

حیدرآباد (این این آئی) پولیس کا مسافر بس کو لوٹنے والے ڈاکوؤں سے مقابلہ ہوا جس میں 4 ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ ایس ایچ او ٹنڈو جام نے میرپور خاص سے حیدرآباد آنے والی مسافر کوچ کی ڈکیتی میں ملوث ڈاکوؤں کی ٹنڈو قیصر لنک روڈ پر موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی، پولیس نے پہنچ خطرناک ڈاکوؤں کو روکنے کی کوشش کی تو ڈاکوؤں نے پولیس پر سیدھی فائرنگ شروع کر دی۔ ٹنڈو جام پولیس نے بروقت بذریعہ وائرلیس مزید نفری کو طلب (بقیہ نمبر 60)

لاہور: پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل اور ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین دیگر ڈاکٹرز کے ہمراہ مخیر حضرات کی جانب سے فراہم کردہ ادویات کا عطیہ وصول کرتے ہوئے

اسلام آباد مذاکرات، مقامی و غیر ملکی میڈیا کیلئے مفت شٹل سروس فراہم

شٹل سروس 11 اپریل سے صبح 6 بجے سے شروع ہوئی جس کے ذریعے صحافیوں کو جناح کنونشن سینٹر میں قائم میڈیا فیسلیٹیشن سینٹر تک پہنچایا گیا

وزارت اطلاعات و نشریات کے تحت اس اقدام کو میڈیا کی آسانی اور بہتر کوریج کیلئے اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان نے اسلام آباد میں ہونے والے اہم بین الاقوامی مذاکرات کے موقع پر مقامی اور غیر ملکی میڈیا نمائندگان کی سہولت کیلئے مفت شٹل سروس فراہم کی گئی جس کا مقصد صحافیوں کی آمد و رفت کو آسان بنانا تھا۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق شٹل سروس 11 اپریل 2026 سے صبح 6 بجے سے شروع ہوئی جس کے ذریعے صحافیوں کو جناح کنونشن سینٹر میں قائم میڈیا فیسلیٹیشن سینٹر تک پہنچایا گیا۔ شٹل سروس مقررہ وقفوں سے سینٹورس مال (ایف- 8 سائیڈ (بقیہ نمبر 62)

کلورکوٹ میں سوتیلے باپ کا کمسن بیٹے پر وحشیانہ تشدد، ملزم گرفتار

سفاک شخص معصوم بچے کی ٹانگوں اور نازک جسمانی حصے پر ٹانگیں مارتا رہا

بھکر (این این آئی) کلورکوٹ میں سوتیلے باپ نے کمسن بچے کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنا ڈالا، سفاک شخص معصوم بچے کی ٹانگوں اور نازک جسمانی حصے پر ٹانگیں مارتا رہا۔ پولیس کے مطابق ہوٹل میں تشدد کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آنے کے بعد بچے کی والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا، مقدمہ کے اندراج کے بعد ملزم سجاد کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق وحشیانہ تشدد کا نشانہ بننے والے بچے کو طبی امداد کیلئے ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، متاثرہ بچے کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جا سکتا کہ بچے کو زمین پر گرا کے سوتیلا باپ تشدد کر رہا ہے، اور اسی دوران ہوٹل کا ویٹر آ جاتا ہے (بقیہ نمبر 61)